TERMS & CONDITIONS GOVERNING THE ACCOUNT

اکاؤنٹ کے لیے شرائط وضوابط

Account No. اکاؤنٹ نمبر																					

Title of Account اکاؤنٹ کا ٹائٹل	

alBaraka Bank

TERMS & CONDITIONS GOVERNING THE ACCOUNT
اکاؤنٹ کے لیے شرائط وضوابط

In these Terms & Conditions the expression 'Bank' shall mean Al Baraka Bank (Pakistan) Limited and the expression 'Customer' shall mean the person(s) who has/have opened the Account. Words importing the singular shall include the plural. 'Person' shall mean an Individual, a Firm or a Corporate body.

ان شرائط وضوابط میں "بینک" کا مطلب البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ ہوگا اور لفظ "کسٹمر" سے مراد وہ شخص ہوگا، جس نے اکاؤنٹ کھولا ہے۔ صیغہ واحد کو ظاہر کرنے والے الفاظ میں صیغہ جمع بھی شامل ہوگا۔ "فرد" سے مراد ایک فرد، فرم یا کارپوریٹ ادارہ ہوگا۔

1. ACCOUNT:
1۔ اکاؤنٹ:

1.1 Upon receipt of a duly filled out Account Opening form and the requisite documents and information required thereunder or otherwise by Al Baraka Bank (Pakistan) Limited ("the Bank"), the Bank may, at its sole discretion, open an account and/or agree to provide the services to the customer. The Bank reserves the right to vary and/or change from time to time the information and data that may be required from a customer with regard to the services.

1.1۔ مناسب طریقے سے بھرا ہوا اکاؤنٹ اوپننگ فارم اور البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ (بینک) کو مطلوب دستاویزات اور ضروری معلومات کی وصولی کے بعد، بینک، اپنی صوابدید پر، ایک اکاؤنٹ کھول سکتا ہے اور/یا کسٹمر کو خدمات فراہم کرنے پر متفق ہوسکتا ہے۔ بینک وقت کے ساتھ ساتھ ان معلومات اور ڈیٹا میں تبدیلی اور/یا ترمیم کا حق محفوظ رکھتا ہے جو خدمات کے حوالے سے کسٹمر سے مطلوب ہوسکتی ہیں۔

1.2 Proper identification in the form of a Valid Identity Document (CNIC/SNIC/NICOP/SNICOP/Passport/POC/ARC/POR/Form-B/Juvenile Card) will be required before the Bank opens any account in its sole discretion, which will be independently verified by the Bank. Upon any non-verification or if something is found wrong/mismatched, the Bank, in its sole discretion, has the right to stop the transaction till clearance of ambiguity, debit block, suspension of operation of account or close the account.

1.2۔ اس سے پہلے کہ بینک اپنی صوابدید پر کوئی بھی اکاؤنٹ کھولے، درست شناختی دستاویز (سی این آئی سی/ایس این آئی سی/نائیکوپ/ایس نائیکوپ/پاسپورٹ/پی او سی/اے آر سی/پی او آر/فارم بی/نابالغ کارڈ) کی شکل میں مناسب شناخت درکار ہوگی، جس کی بینک کی طرف سے آزادانہ طور پر تصدیق کرائی جائے گی۔ کسی بھی طرح کی عدم تصدیق کی صورت میں یا اگر کوئی چیز غلط/غیر مماثل پائی گئی، تو بینک کو اپنی صوابدید میں یہ حق حاصل ہے کہ وہ ابہام دور ہونے تک ڈیبٹ بلاک کردے، اکاؤنٹ کے آپریشن کو معطل کردے یا اکاؤنٹ بند کردے۔

1.3 Each account shall be allotted a distinct number that is to be quoted in all correspondences with the Bank relating to the account.

1.3۔ ہر اکاؤنٹ کو ایک امتیازی نمبر الاٹ کیا جائے گا جس کا بینک کی طرف سے اکاؤنٹ سے متعلق تمام خط وکتابت میں حوالہ دیا جائے گا۔

1.4 The banking services may only be available to a customer if he/she has an account with the Bank.

1.4۔ بینکاری کی خدمات کسٹمر کو صرف اس صورت میں دستیاب ہوں گی، اگر وہ بینک میں اکاؤنٹ رکھتا/رکھتی ہو۔

1.5 The obligation of the Bank in relation to the account and/or the customer is enforceable solely and exclusively against the specific branches of the Bank in which the account is held in Pakistan.

1.5۔ اکاؤنٹ اور/یا کسٹمر سے متعلق بینک کی ذمہ داری صرف اور خالصتاً پاکستان میں بینک کی ان مخصوص برانچوں میں قابل اطلاق ہے جہاں اکاؤنٹ موجود ہے۔

1.6 The account shall be subject to the applicable laws of the Islamic Republic of Pakistan and the prevailing rules, regulations and directives of the State Bank of Pakistan, as may be revised from time to time.

1.6۔ یہ اکاؤنٹ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے لاگو قوانین اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے موجودہ قواعد وضوابط اور ہدایات کے تابع ہے جن میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاسکتی ہے۔

1.7 In the event, at any time, an account is opened with incomplete documents or information, the Bank may, at its sole discretion, restrict the operation of such account till such time that all the required information and/or documentation is provided to the Bank.

1.7۔ اگر کسی بھی وقت نامکمل دستاویزات یا معلومات کے ساتھ اکاؤنٹ کھولا جاتا ہے تو بینک اپنی صوابدید پر ایسے اکاؤنٹ کے آپریشن کو اس وقت تک محدود کرسکتا ہے، جب تک کہ بینک کو تمام مطلوبہ معلومات اور/یا دستاویزات فراہم نہ کردی جائیں۔

2. RELATIONSHIP BETWEEN THE BANK AND THE CUSTOMER:
2۔ بینک اور کسٹمر کے مابین تعلق داری:

2.1 In case of a Savings Account, the relationship between the Bank and the customer shall be based on the principles of Mudarabah, where the Customer is the Rab ul Maal and the Bank is the Mudarib. Any funds deposited with the Bank under Current Accounts, Asaan Current Accounts and BBA Accounts are on the basis of Qard and shall be payable by the Bank upon demand. The Bank may at its discretion utilize such funds as it deems fit.

2.1۔ سیونگز اکاؤنٹ کی صورت میں، بینک اور کسٹمر کے درمیان تعلق مضاربہ کے اصولوں پر مبنی ہوگا، جہاں گاہک رب المال ہے اور بینک مضارب ہے۔ بینک میں کرنٹ اکاؤنٹس، آسان کرنٹ اکاؤنٹس اور بی بی اے اکاؤنٹس کے تحت کوئی بھی جمع کردہ فنڈز قرض پر مبنی ہیں اور مطالبے پر بینک کی طرف سے قابل ادائیگی ہوں گے۔ بینک ایسے فنڈز کو جیسے مناسب سمجھے، اپنی صوابدید پر استعمال کرسکتا ہے۔

2.2 The Bank as the Mudarib may invest or disinvest, at its sole discretion, monies received by it from the customer in any of the business (The "business") of the Bank as it deems fit with the approval of the Shariah Board of Al Baraka Bank (Pakistan) Limited.

2.2۔ بینک بطور مضارب کسٹمر سے وصول کردہ رقم سے اپنی صوابدید پر البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ کے شریعہ بورڈ کی منظوری سے بینک کے کسی بھی کاروبار ("کاروبار") میں سرمایہ کاری کرسکتا ہے یا سرمایہ نکال سکتا ہے۔

2.3 All the Customers/Islamic Term Deposit Holders shall be assigned weightages based on the features of the Account(s) and/or Islamic Term Deposit(s) held by them, such as tenure, profit payment options and other applicable features for the purposes of calculation of profit. The weightages applicable to all Account(s)/Islamic Term Deposit shall be announced every month and shall be available at every branch of the Bank and on the website of the Bank at www.albaraka.com.pk

2.3۔ تمام صارفین/اسلامی ٹرم ڈپازٹ ہولڈرز کو ان کے پاس رکھے گئے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) اور/یا اسلامی ٹرم ڈپازٹ کی خصوصیات کی بنیاد پر ویٹیجز تفویض کیے جائیں گے۔ جیسے بطور مدت، منافع کی ادائیگی کے اختیارات اور منافع کے حساب کے مقاصد کے لیے دیگر قابل اطلاق خصوصیات، تمام اکاؤنٹس/اسلامی ٹرم ڈپازٹ پر لاگو وزن پر ہر ماہ اعلان کیا جائے گا اور بینک کی ہر برانچ اور بینک کی ویب سائٹ www.albaraka.com.pk پر دستیاب ہوگا۔

2.4 The Bank will share the profit on the basis of a pre-determined Profit Ratio in the Net Income of the Business. The Net Income of the Business is defined as all income of the Business minus all direct costs and expenses incurred in deriving that income. The Management share shall be varied from time to time and shall be available at every branch of the Bank and on the website of the Bank.

2.4۔ بینک کاروبار کی خالص آمدنی میں پہلے سے طے شدہ منافع کے تناسب کی بنیاد پر منافع کا اشتراک کرے گا۔ کاروبار کی خالص آمدنی کی وضاحت براہ راست لاگت اور اخراجات کی کٹوتی کے بعد حاصل ہونے والی آمدنی کے طور پر کی جاتی ہے۔ مینجمنٹ شیئر وقتاً فوقتاً تبدیل ہوگا اور ہر وقت بینک کی شاخ اور بینک کی شاخ اور بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگا۔

2.5 The Bank may at its option also participate in the Business as an investor.

2.5۔ بینک اپنے اختیار کے تحت بطور سرمایہ کار بھی کاروبار میں شریک ہوسکتا ہے۔

2.6 Additional features in respect of Savings Accounts schemes and Islamic Term Deposit as may be applicable from time to time shall be stipulated in product brochures and on the website of the Bank at www.albaraka.com.pk

2.6۔ سیونگ اکاؤنٹس اسکیمز اور اسلامک ٹرم ڈپازٹس کے حوالے سے وقتاً فوقتاً قابل اطلاق اضافی خصوصیات کا پروڈکٹ بروشرز اور بینک کی ویب سائٹ www.albaraka.com.pk پر اندراج کیا جائے گا۔

3. DEPOSITS:

3۔ ڈپازٹس:

3.1 Any sum to be deposited in the account should be accompanied by the Bank's duly filled deposit slip showing the title and number of the account to be credited and the depositor's signature. Such deposits must be tendered at the cash counter only. The depositor should satisfy himself/herself that details in the system-generated cash deposit form are in order when received.

3.1۔ اکاؤنٹ میں جمع کرائی جانے والی کسی بھی رقم کے ساتھ بینک کی باقاعدہ پُر شدہ ڈپازٹ سلپ بھی ہونی چاہئے، جس پر اکاؤنٹ کا ٹائٹل اور نمبر ہوں اور ڈپازٹر کے دستخط ہوں۔ اس طرح کے ڈپازٹس کو صرف کیش کاؤنٹر پر جمع کرایا جانا چاہئے۔ ڈپازٹ کرانے والے کو کیش ڈپازٹ فارم ملنے پر اس بات کا اطمینان کرلینا چاہئے کہ سسٹم کے تیار کردہ اس فارم میں درج تفصیلات درست ترتیب میں ہیں۔

3.2 The Bank may accept drafts and other instrument payable/or endorsed to the customer for collection entirely at the customer's own risk uncleared items, though credited, shall not be drawn against, and if the same is allowed to be drawn against, the Bank shall have the right to debit the account if the proceeds of the instruments are not realized. In receiving cheques or other instruments for collection in the account, the Bank acts only as collecting agent of the Customer and assumes no responsibility for the realisation of such cheques/instruments.

3.2۔ بینک مکمل طور پر کسٹمر کے اپنے رسک پر ڈرافٹس اور دیگر ان کلیئرڈ آئٹمز کو جمع کرنے کے لیے قابل ادائیگی/ یا تصدیق شدہ دستاویزات قبول کرسکتا ہے۔ تاہم کریڈٹ کیے جانے کے باوجود ان رقوم کو نکالا نہیں جائے گا اور اگر ان کے عوض رقم نکلوانے کی اجازت دے دی گئی اور دستاویزات کے عوض رقم حاصل نہ ہوئی تو بینک کو اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کا حق ہے۔ اکاؤنٹ میں جمع کرنے کے لئے چیک اور دیگر انسٹرومنٹس کی وصولی میں، بینک صرف کسٹمر کے کلیکٹنگ ایجنٹ کا کام کرتا ہے اور اس طرح کے چیک/ انسٹرومنٹس کی وصول پذیری کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

3.3 The Bank shall not be responsible for the delay and/or loss in transit of any cheque/instrument, nor for any act, omission, neglect, loss of profit, default, failure or Insolvency of any correspondent bank, agent or sub-agent or for any reason beyond the control of the Bank. In case of delay or loss in transit, the Bank will follow up with the concerned for swift resolution.

3.3۔ بینک کسی چیک/ انسٹرومنٹ کی منتقلی میں تاخیر اور/ یا نقصان کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا، نہ ہی کسی متعلقہ (کارسپانڈنٹ) بینک، ایجنٹ یا سب ایجنٹ، کے کسی بھی کام، کوتاہی، غفلت، منافع میں نقصان، ناکامی، ڈیفالٹ یا دیوالیہ پن کے لئے یا کسی بھی ایسی وجہ کے لیے جو بینک کے کنٹرول سے باہر ہو، کوئی ذمہ داری قبول کرے گا۔ منتقلی میں تاخیر یا نقصان کی صورت میں بینک فوری حل کے لئے متعلقین کے ساتھ رابطہ کرے گا۔

3.4 Deposits established with the proceeds of cheques will be value dated after clearance. All cheques and other instruments should be crossed before they are deposited for crediting in the account. All cheques that are deposited with the Bank are received by the Bank solely in its capacity as the Customer's collecting agent and the Bank assumes no responsibility for realization of items deposited in the Account for collection.

3.4۔ چیک کی یافت کے ساتھ قائم ڈپازٹس کی قدر کا تعین کلیئرنس کے بعد ہوگا۔ اکاؤنٹ میں جمع کرنے کے لیے ڈپازٹ کرائے جانے سے قبل تمام چیک اور دیگر انسٹرومنٹس کو کراسڈ (خط کشیدہ) کیا جانا چاہیے۔ تمام چیک جو بینک کے پاس جمع ہوتے ہیں، وہ بینک صرف کسٹمر کے کلیکٹنگ ایجنٹ کی حیثیت سے وصول کرتا ہے، اور بینک اکاؤنٹ میں جمع ہونے والے لوازمات کی وصول پذیری کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

3.5 Except where agreed to the contrary between the Customer and the Bank, every payment received for an account(s) in a currency other than that of such account(s) may be converted by the Bank at its sole discretion into the currency or currencies of such account(s) at the Bank's then prevailing rate of exchange before the same is credited to such account(s).

3.5۔ ماسوائے اس کے کہ جہاں صارف اور بینک کے مابین اس کے برعکس اتفاق کیا گیا ہو، اکاؤنٹ کی اپنی کرنسی کے سوا کسی بھی دوسری کرنسی میں موصول ہونے والی ہر ادائیگی کو بینک ایسے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں کریڈٹ کرنے سے پہلے اپنی صوابدید پر دیگر کرنسی/ کرنسیوں میں اس وقت کی مروجہ شرح تبادلہ پر تبدیل کرسکتا ہے۔

3.6 The Bank shall have the right to reverse or recover any amounts transferred through erroneous transactions in any of the accounts, from such accounts, without prior notice/intimation to the Customer. The Customer shall be liable to make good any loss accrued to the Bank through withdrawal of amounts erroneously credited to their accounts.

3.6۔ بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسٹمر کو پیشگی نوٹس/ اطلاع کے بغیر کسی بھی اکاؤنٹ سے غلط لین دین کے ذریعے کسی بھی رقم کی منتقلی پر ایسے اکاؤنٹس سے رقم واپس لے لے یا وصول کرلے۔ صارف غلطی سے اس کے کھاتے میں جمع کی گئی رقم نکلوانے پر بینک کو ہونے والے کسی بھی نقصان کی تلافی کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

4. STATEMENT OF ACCOUNT:

4۔ اکاؤنٹ کا گوشوارہ:

4.1 The Bank will issue and dispatch the Statement of Account to the account holder(s) as per the frequency prescribed by the State Bank of Pakistan and any subsequent amendments issued from time to time. Customer(s) may notify any discrepancies in Statement of Account within 45 days from the date of issue, after which the Bank's statement will be considered final and conclusive, for all purposes whatsoever. Statement of Account shall not be sent to the Customer whose account has been marked as dormant, as per directives of the State Bank of Pakistan.

4.1۔ بینک، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے مقرر کردہ وقفے اور وقتاً فوقتاً جاری کردہ ترامیم کے مطابق اکاؤنٹ ہولڈرز کو اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ جاری اور ارسال کرے گا۔ کسٹمر، جاری ہونے کی تاریخ سے 45 دن کے اندر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ میں کسی بھی تضاد سے مطلع کرسکتا ہے، جس کے بعد بینک اسٹیٹمنٹ کو تمام مقاصد کے لئے حتمی اور قطعی سمجھا جائے گا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق ایسے کسٹمرز کو اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ نہیں بھیجا جائے گا جن کے اکاؤنٹس کو معطل یا غیر فعال قرار دیا گیا ہو۔

4.2 If the Customer fails to notify the Bank as aforesaid, then such Statement of Account shall be deemed correct and the balance stated therein shall also be deemed to have been verified by the Customer and shall be taken as conclusive evidence for purposes. No account holder/depositor may annotate or delete any entries in the Statement of Account. Any discrepancy found should at once be brought into notice of the Bank.

4.2۔ اگر کسٹمر مذکورہ بالا طریقے کے مطابق بینک کو مطلع کرنے میں ناکام رہتا ہے تو اس طرح کے اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کو درست سمجھا جائے گا اور اس میں بیان کردہ بیلنس کو بھی کسٹمر کی طرف سے تصدیق شدہ سمجھا جائے گا اور اسے مقاصد کے لئے حتمی ثبوت کے طور پر لیا جائے گا۔ کوئی بھی اکاؤنٹ ہولڈر/ ڈپازٹر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کے کسی بھی اندراج پر نہ کچھ لکھ سکتا ہے نہ ہی حذف کرسکتا ہے۔ کسی بھی تضاد کو فوری طور پر بینک کے نوٹس میں لایا جانا چاہئے۔

4.3 The Bank shall ensure that the debit and credit entries are correctly recorded in all statements of accounts. However, in case of any error, the Bank shall be within its rights rectify the error and subsequently inform the customer.The Bank shall recover any amount erroneously paid or credited together with accrued profit. The Bank shall not be liable for any loss or damage due to any such errors.

4.3۔ بینک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اکاؤنٹس کے تمام اسٹیٹمنٹس میں ڈیبٹ اور کریڈٹ اندراجات درست طریقے سے درج ہیں۔ تاہم، کسی غلطی کی صورت میں، بینک اپنے اختیارات کے اندر رہ کر غلطی کی اصلاح کرے گا اور بعد میں کسٹمر کو مطلع کرے گا۔ بینک غلطی سے ادا کی گئی یا جمع کی گئی کسی بھی رقم کو جمع شدہ منافع کے ساتھ وصول کرے گا۔ اس طرح کی غلطیوں کی وجہ سے بینک کسی گھاٹے یا نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

4.4 Apart from mandatory provision of Statement of Account. The Bank may provide Statement of Accounts upon customer's / account holder's written request and will be subject to charges, as applicable under Schedule of Bank Charges (SBP compliant).

4.4۔ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی لازمی فراہمی کے علاوہ بینک، کسٹمر/ اکاؤنٹ ہولڈر کی تحریری درخواست پر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ فراہم کرسکتا ہے، جو بینک چارجز کے شیڈول (SBP کے مطابق) کے لحاظ سے قابل اطلاق چارجز سے مشروط ہوگا۔

4.5 The Bank may in its sole discretion, upon request of the Customer, provide a "Hold Mail" facility whereby the Bank shall retain for periodic collection by the Customer or its duly authorized agent, all communications or Statement of Account relating to the Customer's Account.

4.5۔ بینک اپنی صوابدید پر، کسٹمر کی درخواست پر "ہولڈ میل" کی سہولت مہیا کرسکتا ہے جس کے تحت بینک گاہک یا اس کے مجاز ایجنٹ کی طرف سے کسٹمر کے اکاؤنٹ سے متعلق وقفے وقفے سے وصول شدہ رقم، تمام مراسلات یا اکاؤنٹ کی اسٹیٹمنٹ اپنے پاس رکھے گا۔

5. CHANGE OF PARTICULARS:

5۔ کوائف کی تبدیلی:

5.1 The Customer shall forthwith notify the Bank of any change/amendment/modification of the information/instructions/representations provided by the Customer to the Bank In the Account Opening Form.

5.1۔ کسٹمر بینک کو اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں فراہم کردہ معلومات/ ہدایات/ نیابت میں کسی تبدیلی/ ترمیم/ ردوبدل کے بارے میں فوری طور پر مطلع کرے گا۔

5.2 The Bank shall be entitled to rely on the existing information and instruction(s) of the customer until such aforesaid change of particulars have been notified in writing to the Bank and acknowledged by the Bank.

5.2۔ بینک اس وقت تک کسٹمر کی موجودہ معلومات اور ہدایات پر بھروسہ کرنے میں حق بجانب ہوگا جب تک کہ اس طرح کی مذکورہ بالا تبدیلیوں سے بینک کو تحریری طور پر مطلع نہ کیا جائے اور بینک اسے تسلیم نہ کرلے۔

6. NOTICES:　　　　۶۔ نوٹسز:

6.1 All correspondence, notices or demands by the Bank, shall without prejudice to any other mode for effecting service be deemed to have been validly effected or sent by registered mail (acknowledgement due)/couriered to the customer's last known address in accordance with the Bank's record and shall be deemed to be duly delivered and received, on the actual date of delivery where personally sent or where sent by registered mail/courier, within three days of dispatch. In the case of any communication shall be deemed to be effected on the date or facsimile transmission was actually sent.

6.1۔ بینک کی طرف سے تمام خط وکتابت، نوٹسز یا مطالبات، خدمات کی انجام دہی کے کسی دوسرے طریقے کو متاثر کیے بغیر بینک کے ریکارڈ میں موجود کسٹمر کے آخری معلوم پتے پر فیکس یا رجسٹرڈ میل اعتراف واجب الادا/کوریئر کے ذریعے موثر طور پر ارسال شدہ سمجھا جائے گا۔ اور ذاتی طور پر بھیجنے پر ترسیل کی اصل تاریخ کو باضابطہ بھیجا گیا اور وصول شدہ اور رجسٹرڈ میل/کوریئر کے ذریعے بھیجنے کی صورت میں اصل تاریخ سے تین دن کے اندر ڈیلیور اور وصول شدہ سمجھا جائے گا۔ فیکس سے کی گئی کسی بھی منتقلی مراسلات کی صورت میں اسے اصل تاریخ کو وصول شدہ سمجھا جائے گا۔

7. CLOSURE OF ACCOUNT:　　　　۷۔ اکاؤنٹ کی بندش:

7.1 The Bank reserves the right, at its sole discretion with or without notice to close the account which is/are not being operated in a manner satisfactory to the Bank or which show NIL balance for Last six months or for any other reason whatsoever, it shall not be incumbent on the Bank to disclose to the account holder/depositor the reason for doing so, the Bank also reserves the right to terminate any other type of relationship(s) e.g, lockers, safe custody, etc.

7.1۔ بینک اپنی صوابدید پر اور کسٹمر کو نوٹس کے ساتھ یا اس کے بغیر ایسے اکاؤنٹ کو جو بینک کے مطابق اطمینان بخش طریقے سے نہیں چلائے جا رہے یا گزشتہ 6 ماہ کے دوران ان کا بیلنس صفر رہا ہو یا کسی اور وجہ سے بند کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ بینک پر یہ لازم نہیں ہوگا کہ وہ اکاؤنٹ ہولڈر/ڈپازٹر کو ایسا کرنے کی وجہ بتائے، بینک کسی دوسری قسم کے تعلقات مثلاً لاکرز، سیف کسٹڈی وغیرہ کو ختم کرنے کا حق بھی محفوظ رکھتا ہے۔

7.2 The Bank shall be deemed to have discharged its liability with respect to Account so closed by mailing to the Customer at his/her last known address a pay order/bank draft in the currency of such Account, payable to the order of the customer in the amount of the then credit balance of such Account less deduction(s) in respect of the amount of any claim(s) that the Bank may have on such funds constituting the credit balance.

7.2۔ بینک کی طرف سے کسٹمر کو اس کے آخری معلوم پتے پر ڈاک کے ذریعے اس کے اکاؤنٹ میں اس وقت کے کریڈٹ بیلنس، ایسے فنڈز پر بینک کی طرف سے کسی دعوے (دعووں) رقم کی کٹوتی کے بعد قابل ادائیگی ہو، اس اکاؤنٹ کی کرنسی میں پے آرڈر/بینک ڈرافٹ بھیجنے پر جو اس طرح کے اکاؤنٹ بینک کو اکاؤنٹ کی بندش کے حوالے سے اپنی ذمہ داری سے عہدہ برآ سمجھا جائے گا۔

7.3 The account holder wishing to close the account must surrender cheque(s) duly cancelled by drawing two 'horizontal lines' upon each of them, Debit/ATM Card(s) etc., if any. Alternatively, it must be confirmed to the satisfaction of the Bank in writing that the unused cheques have been destroyed.

7.3۔ اکاؤنٹ بند کرنے کے خواہش مند اکاؤنٹ ہولڈر کو غیر استعمال شدہ چیک، ان میں سے ہر ایک پر 2 "افقی لکیریں" کھینچ کر انہیں منسوخ کرنے کے بعد لازماً واپس کرنے ہوں گے اور (اگر کوئی ہو تو) ڈیبٹ/اے ٹی ایم کارڈ وغیرہ بھی۔ متبادل کے طور پر، اس کی تصدیق بینک کے اطمینان کے لیے تحریری طور پر ہونی چاہیے کہ غیر استعمال شدہ چیک تلف کر دیئے گئے ہیں۔

8. ZAKAT:　　　　۸۔ زکوٰۃ:

8.1 Zakat whenever applicable shall be deducted on valuation date, i.e. 1st of Ramzan from applicable accounts having balances in excess of the exempted limit as declared for that particular Zakat year. Declaration on prescribed proforma for exemption from deduction of Zakat shall be registered with the Bank at least one month prior to the valuation date as per Zakat rules applicable from time to time. Zakat will be deducted as per Zakat and Ushr Ordinance 1980.

8.1۔ زکوٰۃ جب بھی قابل اطلاق ہو، زکوٰۃ کے حساب کی تاریخ یعنی یکم رمضان کو ایسے قابل اطلاق اکاؤنٹس سے منہا کی جائے گی، جن میں اس مخصوص زکوٰۃ سال کے لیے استثنیٰ کی حد سے زیادہ بیلنس موجود ہو۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کے لیے مقررہ فارم پر بیان وقتاً فوقتاً نافذ کیے جانے والے زکوٰۃ قوانین کے مطابق ویلیوایشن کی تاریخ سے کم از کم ایک ماہ قبل بینک میں جمع کروا دینا چاہیے۔ زکوٰۃ کی کٹوتی زکوٰۃ وعشر آرڈیننس 1980 کے مطابق کی جائے گی۔

9. WITHDRAWAL:　　　　۹۔ رقم نکالنا:

9.1 Withdrawals from the account shall be made by using cheque book/debit card supplied by the Bank at the request of the customer or through any means/Instruments acceptable by the Bank.

9.1۔ اکاؤنٹ سے رقم کسٹمر کی درخواست پر بینک کی طرف سے فراہم کردہ چیک بک/ڈیبٹ کارڈ استعمال کر کے نکلوائی جائے گی یا پھر بینک کے لیے قابل قبول کسی بھی ذریعہ/انسٹرومنٹ کے ذریعے ایسا کیا جائے گا۔

9.2 Cheques and other payment instructions are to be signed as per specimen signature supplied to the Bank and alterations therein are to be authenticated by the Customer's/authorized signature.

9.2۔ چیک اور ادائیگی کی دیگر ہدایات پر بینک کو فراہم کردہ نمونے کے دستخط کے مطابق دستخط کیے جانے چاہئیں اور اس میں تبدیلیاں صارف کے/مجاز دستخط کنندہ سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں۔

9.3 The Customer may not make a withdrawal/transfer of funds via cheque(s) or otherwise which would cause the account to go into overdraft. The Bank reserves the right to return any unpaid cheque or not comply with any instructions that may cause the Account to go into overdraft if no prior arrangements are made by the Customer with the Bank.

9.3۔ کسٹمر چیک (چیکوں) کے ذریعے اتنے فنڈز نہیں نکال سکتا/ٹرانسفر نہیں کر سکتا جو اکاؤنٹ کو اوورڈرافٹ میں لے جائیں۔ اگر کسٹمر کی جانب سے بینک کے ساتھ کوئی پیشگی انتظامات نہ کیے گئے ہوں تو بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ غیر ادا شدہ چیک واپس کر دے یا کسی ایسی ہدایات کی تعمیل نہ کرے جس کی وجہ سے اکاؤنٹ اوورڈرافٹ میں چلا جائے۔

9.4 Any or all cash withdrawal(s) in currency(ies) other than Pak Rupees shall be subject to the availability at the time of sufficient currency notes with the Bank, in such particular currency(ies).

9.4۔ پاکستانی روپے کے علاوہ دیگر کرنسیوں میں کوئی بھی یا تمام نقد رقم نکالنے کا عمل اس وقت بینک کے پاس اس مخصوص کرنسی کی کافی تعداد میں دستیابی سے مشروط ہوگا۔

9.5 Payments involving large amounts of cash will be made subject to availability of cash at the Bank's branch or only after the Bank has made necessary arrangements for cash. The Bank may ask for reasonable time to make payments of such large amounts.

9.5۔ بڑی نقد رقم پر مشتمل ادائیگیاں بینک کی برانچ میں نقد رقم کی دستیابی سے مشروط ہوں گی یا بینک کی جانب سے نقد رقم کے لئے ضروری انتظامات کرنے کے بعد ہی کی جائیں گی۔ بینک بڑی رقم کی ادائیگی کے لئے معقول وقت مانگ سکتا ہے۔

9.6 Cheques may only be drawn on printed cheques supplied by the Bank. Otherwise the Bank at all times has the right to refuse payment of cheques drawn.

9.6۔ چیک صرف بینک کے فراہم کردہ پرنٹ شدہ چیک کی صورت میں ہی جاری کیے جا سکتے ہیں۔ بصورت دیگر بینک کو ہر وقت یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ چیک کی ادائیگی سے انکار کر دے۔

9.7 Post-dated (6 months old) stale and defective cheques shall not be paid by the Bank.

9.7۔ پچھلی تاریخ کے حامل (6 ماہ پرانے) زائد المیعاد اور ناقص چیک پر بینک کی طرف سے ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

10. RESTRICTION ON CREATION OF SECURITY:　　　　۱۰۔ زرضمانت کے طور پر استعمال:

10.1 The Customer agrees that, without written consent of the Bank, the amounts deposited or standing to the credit of an Account cannot in any way be assigned, transferred or charged to any third party (other than the Bank) by way of security.

10.1۔ کسٹمر اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ بینک کی تحریری رضامندی کے بغیر، اکاؤنٹ میں ڈپازٹ شدہ یا کریڈٹ کیے جانے کی منتظر رقم کسی بھی طرح کسی تیسرے فریق (بینک کے علاوہ) کو زرضمانت کے طور پر تفویض، منتقل یا چارج نہیں کی جا سکتی۔

11. BANK'S LIEN:

11 ۔ بینک کا استحقاق:

11.1 In the event of the Bank accepting or incurring any liability on the Customer's request or on his behalf, the Bank shall have a lien on all funds, securities and other properties of whatsoever nature belonging to the Customer in the possession of the Bank for the due repayment of such liability. In the event of any default by the Customer to repay such liability, the Bank may, without further notice to the Customer, take such steps to dispose of or realize the properties as it may deem fit and use the proceeds of such disposal or realization in settlement of all outstanding dues of the Customer.

11.1۔ بینک کی جانب سے کسٹمر کی درخواست پر یا اس کی جانب سے کوئی ذمہ داری قبول کرنے کی صورت میں، بینک کو تمام فنڈز، سیکیورٹیز اور کسی بھی نوعیت کی دوسری املاک پر، جو بینک کے قبضے میں ہیں، حق تصرف حاصل ہے۔ ایسی ذمہ داری کی ادائیگی کے لیے کسٹمر کی طرف سے کسی بھی نادہندگی کی صورت میں، بینک، کسٹمر کو مزید نوٹس دیے بغیر، املاک کو فروخت کرنے یا انہیں نقد میں تبدیل کرنے کے لیے ایسے اقدامات کر سکتا ہے جو مناسب سمجھے اور اس طرح کے تصرف یا وصول شدہ رقم کو استعمال کر کے کسٹمر کے تمام بقایا واجبات کا تصفیہ کر لے۔

11.2 The Bank is authorized to make such disclosures in respect of any account without notice to the accountholder as may be required by law, court order or competent authority or agency under provisions of applicable law, usage and/or otherwise to safeguard the interest of the Bank.

11.2۔ بینک کسی بھی اکاؤنٹ کے حوالے سے اکاؤنٹ ہولڈر کو نوٹس دیے بغیر اس طرح کے اظہار کا اختیار رکھتا ہے جو قانون، عدالتی حکم یا مجاز اتھارٹی یا ایجنسی کی طرف سے قابل اطلاق قانون، استعمال اور/ یا دوسری صورت میں بینک کے مفادات کی حفاظت کے لیے ضروری ہو۔

12. BANK'S RIGHT TO CONSOLIDATE:

12 ۔ بینک کا مجتمع کرنے کا حق:

12.1 Notwithstanding any provision to the contrary contained in these Terms and Conditions, the Bank shall have the right at any time and at its sole discretion to consolidate, combine and/or merge all or any Account in the name of the Customer without prior notice to the Customer and such right to consolidate combine and/or merge shall include the right to adjust or set-off any indebtedness that the customer may incur in favour of the Bank, irrespective of the currency or currencies involved. If subsequent to such consolidation, combination or merger, a shortfall or deficiency arises in favour of the Bank, the customer/concerned accountholder shall be bound to pay the same forthwith upon first demand by the Bank.

12.1۔ ان شرائط وضوابط میں موجود کسی بھی شق سے قطع نظر، بینک کو کسی بھی وقت اور اپنی صوابدید پر یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسٹمر کے نام پر تمام یا کسی بھی اکاؤنٹ کو بغیر کسی پیشگی اطلاع کے مجتمع، یکجا اور/ یا ضم کر دے اور اس طرح کے یکجا اور/ یا انضمام کے حق میں کسی ایسے قرض کو ایڈجسٹ کرنے یا بے باق کرنے کا حق شامل ہوگا جو کہ صارف نے بینک کے حق میں اٹھایا ہو، چاہے وہ کسی بھی کرنسی یا کرنسیوں میں ہو۔ اگر اس طرح کے اجتماع، امتزاج یا انضمام کے بعد، بینک کے حق میں کوئی کمی یا تخفیف پیدا ہوتی ہے تو، صارف/ متعلقہ اکاؤنٹ ہولڈر بینک کے پہلے مطالبے پر فوری طور پر ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

13. JOINT ACCOUNT:

13 ۔ مشترکہ اکاؤنٹ:

13.1 If the Account is opened in the names of two or more persons, the balance to the credit thereof at any time shall belong to all the Customers jointly. All joint account holders shall be jointly and severally liable for any/all liabilities incurred upon the joint account.

13.1۔ اگر اکاؤنٹ دو یا دو سے زائد افراد کے نام پر کھولا جاتا ہے تو کسی بھی وقت اس کے کریڈٹ کا بیلنس تمام صارفین کی مشترکہ ملکیت ہوگا۔ تمام جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز، اس مشترکہ اکاؤنٹ پر عائد ہونے والی کسی بھی/ تمام ذمہ داریوں کے لیے مشترکہ اور الگ الگ ذمہ دار ہوں گے۔

13.2 Where such Account is operated with a single signing authority, the instructions from any one of the Customers will be accepted at the Bank's descretion and such instructions shall be binding on all other Joint Accountholders of the Account. If such Account is operated with joint signing authority, instructions will not be accepted from any one or more Joint Accountholders in writing. That in case of Joint Account(s), the following further provisions will apply.

13.2۔ جہاں اس طرح کا اکاؤنٹ ایک ہی دستخطی اتھارٹی کے ساتھ چلتا ہے، کسی بھی کسٹمر کی ہدایات بینک کی صوابدید پر قبول کی جائیں گی اور اس اکاؤنٹ کے دیگر تمام جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز ان ہدایات کے پابند ہوں گے۔ اگر اس طرح کے اکاؤنٹ کو جوائن سائننگ اتھارٹی کے ساتھ چلایا جاتا ہے تو، کسی ایک یا زیادہ جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز سے تحریری طور پر ہدایات قبول نہیں کی جائیں گی۔ جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں، مندرجہ ذیل مزید دفعات لاگو ہوں گی۔

(a) Each of the signatory(ies) shall be deemed to have authorized and empowered the other:

(a)۔ ہر ایک با اختیار دستخط کنندہ دوسرے کو یہ اختیار دینے کا اہل سمجھا جائے گا:

(i) To endorse and deposit for credit to such Account, and all cheques, drafts, notes or other instruments or the payment of money, payable or purporting to belong to either or both of the Customers and should any such instrument(s) be received by the Bank without being so endorsed, the Bank shall be authorized in the absence of any instruction to the contrary, to endorse the same on the Customer's behalf and deposit it to the credit of such Account.
Where such Account is operated with a single signing authority, the instructions from any one of the Customers will be accepted at the Bank's descretion and such instructions shall be binding on all other Joint Accountholders of the Account. If such Account is operated with joint signing authority, instructions will not be accepted from any one or more Joint Accountholders in writing. That in case of Joint Account(s), the following further provisions will apply.

(i)۔ ایسے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کی توثیق اور ڈپازٹ کروانا، اور تمام چیک، ڈرافٹ، نوٹ یا دیگر دستاویزات یا پیسوں کی ادائیگی، قابل ادائیگی یا مطلوبہ یا تو دونوں کسٹمرز سے تعلق رکھنا اور بینک کی طرف سے بغیر تصدیق کے ایسی کوئی دستاویز وصول کرنے پر، اس کے برعکس کسی ہدایت کی عدم موجودگی میں بینک کو اختیار دیا جائے گا کہ وہ کسٹمر کی جانب سے اس کی توثیق کرے اور اسے ایسے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں ڈپازٹ کرائے۔

(ii) To issue to any of the Customer's order(s) that may be drawn hereunder against such Account.

(ii)۔ کسٹمر کے کسی بھی آرڈر(ز) کو جاری کرنا جو اس طرح کے اکاؤنٹ کے مقابل تحریر کیا جا سکتا ہے۔

(b) Whether or not the death of any or all of the customers shall have intervened, the Bank may continue to act from time to time in reliance upon any signing authority conveyed to the Bank until the Bank shall have received notice in writing from or on behalf of any of them that it has been terminated or revoked by operation of law or otherwise. Also, in the event of the death of any of the Customers, the amount of deposit to the credit of such Account at the time of the death in question shall belong to the survivors and may be disposed of by the Bank as such.

(b)۔ بینک کسی بھی یا تمام صارفین کے انتقال ہونے یا اس کے برعکس، بینک کو پہنچائی گئی کسی بھی دستخطی اتھارٹی پر انحصار کرتے ہوئے وقتاً فوقتاً کام جاری رکھ سکتا ہے، جب تک کہ بینک کو ان میں سے کسی کی طرف سے تحریری طور پر نوٹس موصول نہ ہو جائے کہ اسے قانون کے ذریعے یا دوسری صورت میں ختم یا منسوخ کر دیا گیا ہے۔ نیز، کسی بھی کسٹمر کی موت کی صورت میں، اس طرح کے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں ڈپازٹ شدہ کوئی رقم مذکورہ موت کے وقت بقید حیات افراد کی ملکیت ہوگی اور اسے بینک کی طرف سے حوالے کیا جائے گا۔

13.3 Where the joint account is operated with single signature, the Bank shall honor and pay to the debit of the joint account all cheques, drafts and orders signed by anyone of the authorized signatories. If the Bank prior to acting on instructions received from one authorized signatory receives contradictory instructions from another signatory, the Bank may refuse to act on either of them and insist upon an instruction signed by all the joint account holders.

13.3۔ جہاں جوائنٹ اکاؤنٹ ایک ہی دستخط کے ساتھ چلایا جاتا ہے، بینک مجاز دستخط کنندگان میں سے کسی کے بھی دستخط شدہ تمام چیک، ڈرافٹس اور آرڈرز کی تعمیل کرے گا اور مشترکہ اکاؤنٹ کے ڈیبٹ میں ادائیگی کرے گا۔ اگر بینک ایک مجاز دستخط کنندہ سے موصول ہونے والی ہدایات پر عمل کرنے سے پہلے دوسرے دستخط کنندہ سے متضاد ہدایات وصول کرتا ہے تو بینک ان میں سے کسی پر بھی عمل کرنے سے انکار کر سکتا ہے اور تمام جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی طرف سے دستخط شدہ ہدایت کے لیے اصرار کر سکتا ہے۔

14. DEATH OF CUSTOMER:

14 ۔ کسٹمر کی وفات:

14.1 In case of death or bankruptcy of an individual Customer, the Bank shall stop operation in the Account immediately, after the receipt of official notice or as and when becomes aware of it from any other reliable source. If the Bank receives notice of the demise of the individual customer, the Bank shall not be obliged to allow any operation or withdrawal except on the production of the evidence of title or right to operate the Account which the Bank considers sufficient.

14.1۔ کسی انفرادی کسٹمر کی موت یا دیوالیہ ہونے کی صورت میں، بینک آفیشل نوٹس کی وصولی کے بعد یا جب کسی دوسرے قابل اعتماد ذریعہ سے اس کے بارے میں آگاہ ہوتا ہے تو فوری اکاؤنٹ آپریشن بند کر دے گا۔ اگر بینک کو انفرادی کسٹمر کی موت کا نوٹس ملتا ہے تو، بینک کسی بھی آپریشن یا رقم نکالنے کی اجازت دینے کا پابند نہیں ہوگا ماسوائے اس کے کہ ٹائٹل یا اکاؤنٹ کو چلانے کے حق میں ایسے ثبوت پیش کیے جائیں جنہیں بینک کافی سمجھتا ہو۔

14.2 In case of operating instruction of either or survivor, in the event of the death of either of the accountholder(s)/depositor(s), the credit balance in the Account will be payable to the surviving accountholder(s)/depositor(s). However, the same is subject to any change in prevalent laws, from time to time.

14.2۔ کسی ایک یا بقید حیات فرد کی آپریٹنگ ہدایات کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر/ ڈپازٹر میں سے کسی ایک کی موت کی صورت میں، اکاؤنٹ میں کریڈٹ بیلنس بقید حیات اکاؤنٹ ہولڈرز/ ڈپازٹر کو قابل ادائیگی ہوگا (ہوں گے) تاہم، یہ مروجہ قوانین میں وقتاً فوقتاً کسی بھی تبدیلی سے مشروط ہے۔

15. CHEQUE BOOK: / 15۔ چیک بک:

15.1 Cheques or other negotiable instruments deposited by the Customer that have been dishonoured may be returned by post or special messenger to the customer at his/her last known mailing address with the Bank at the risk and expense of the customer concerned, unless prior arrangement has otherwise been made for its collection.

15.1۔ کسٹمر کی طرف سے جمع کرایا گیا چیک یا دیگر قابل تبادلہ دستاویزات مسترد ہونے کی صورت میں ڈاک یا خصوصی قاصد کے ذریعے بینک کے پاس موجود اس کے آخری معلوم ڈاک کے پتے پر متعلقہ کسٹمر کے رسک اور اخراجات پر واپس کی جاسکتی ہیں۔ بشرطیکہ اسے وصول کرنے کے لیے پہلے سے کوئی بندوبست نہ کیا گیا ہو۔

15.2 The Bank will issue cheque book(s) only at the written request of the account holder. The requested cheque book will be issued to the concerned account holder or delivered to such other person as is properly authorized by him/her in writing.

15.2۔ بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کی تحریری درخواست پر ہی چیک بک جاری کرے گا۔ درخواست کردہ چیک بک متعلقہ اکاؤنٹ ہولڈر کو جاری کی جائے گی یا کسی ایسے شخص تک پہنچائی جائے گی جو اس کی طرف سے تحریری طور پر باقاعدہ مجاز ہو۔

15.3 The cheque book may be collected by the accountholder or his/her duly authorized representative from the Bank, within three(3) months of the request made by the accountholder.

15.3۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کی گئی درخواست کے تین (3) مہینوں کے اندر اکاؤنٹ ہولڈر یا اس کا بااختیار نمائندہ بینک سے چیک بک وصول کرسکتا ہے۔

15.4 The account holder undertakes to keep any cheque book provided by the Bank safely and securely at all times. The Bank shall not be liable for any cheque stolen from or lost by an account holder or forged unless the Bank has been notified immediately and stop-payment instructions in writing have been given to the Bank before the presentation of such cheques. Loss of any cheque/cheque books or any other information pertaining to operation of account should be immediately notified to the Bank in writing.

15.4۔ اکاؤنٹ ہولڈر بینک کی طرف سے فراہم کردہ چیک بک کو ہر وقت محفوظ رکھنے کا عہد کرتا ہے۔ بینک کسی اکاؤنٹ ہولڈر کے چوری یا گمشدہ یا جعلی چیک کا ذمہ دار نہیں ہوگا جب تک کہ بینک کو فوری طور پر مطلع نہ کردیا جائے اور اس طرح کے چیک پیش کیے جانے سے پہلے بینک کو تحریری طور پر ادائیگی روکنے کی ہدایات نہ دی جائیں۔ کسی بھی چیک/چیک بک کی گم شدگی یا اکاؤنٹ کے آپریشن سے متعلق کسی دوسری معلومات سے فوری طور پر بینک کو تحریری طور پر مطلع کیا جائے۔

16. SAVINGS/ISLAMIC TERM DEPOSIT/CURRENT ACCOUNT: / 16۔ سیونگ/اسلامک ٹرم ڈپازٹ/کرنٹ اکاؤنٹ:

16.1 The Money deposited in Savings Account and Islamic Term Deposits shall be invested in accordance with the provisions 2.1 to 2.6.

16.1۔ سیونگ اکاؤنٹ اور اسلامک ٹرم ڈپازٹس میں جمع کی گئی رقم سے 2.1 سے 2.6 کے مطابق سرمایہ کاری کی جائے گی۔

16.2 In case of Savings Account, unless otherwise indicated by the Bank, the Profit would be applied on as per the agreed terms.

16.2۔ سیونگز اکاؤنٹ کے معاملے میں، جب تک کہ بینک کی طرف سے بصورت دیگر نشاندہی نہ کی جائے، منافع کا اطلاق متفقہ شرائط کے مطابق ہوگا۔

16.3 No Profit is paid on Current Account.

16.3۔ کرنٹ اکاؤنٹ پر کوئی منافع ادا نہیں کیا جاتا۔

16.4 The method of calculating any return under the Profit and Loss Sharing Scheme is governed by prevailing regulations/directives of the SBP issued from time to time and the Bank's own policies.

16.4۔ منافع اور نقصان میں شراکت اسکیم کے تحت کسی بھی منافع کا حساب لگانے کا طریقہ اسٹیٹ بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ کے موجودہ مروجہ قواعد وضوابط اور بینک کی پالیسیوں کے تحت چلتا ہے۔

16.5 Redemption of any amounts subject to Islamic term Deposits/Savings accounts by the Customer shall amount to the transfer of its respective share in the Business along with all related risks and rewards as such redemption shall be on the basis of the principal value of the investment, subject to the Provisions in respect of Loss in Clause 16.8 and Profit in clause 2.3 thereof.

16.5۔ کسٹمر کی طرف سے اسلامک ٹرم ڈپازٹس/سیونگز اکاؤنٹس سے مشروط کسی بھی رقم کی واپسی تمام متعلقہ خطرات اور انعامات کے ساتھ کاروبار میں اپنے مخصوص حصص کی منتقلی کے مترادف ہوگی کیونکہ اس طرح کی رقم وصولی سرمایہ کاری کی اصل قیمت کی بنیاد پر ہوگی جو شق 16.8 میں نقصان اور اس کی شق 2.3 میں منافع کے حوالے سے ضوابط سے مشروط ہوگی۔

16.6 Since at the end of the month all accounts are finalized, if any amount of Profit/Loss is allocated by the Bank, it shall be considered final and binding on all customers. No customer or any other person shall be entitled to question the basis of determination of such Profit/Loss, and if any person objects or wants some clarification, the case will be referred to the Shariah Board/RSBM and the Shariah Board/RSBM decision will be final and binding for both the parties and cannot be challenged.

16.6۔ چونکہ مہینے کے آخر میں تمام کھاتوں کو حتمی شکل دی جاتی ہے، اگر بینک کی طرف سے نفع/نقصان کی کوئی رقم مختص کی جاتی ہے تو اسے حتمی سمجھا جائے گا اور تمام صارفین اس کے پابند ہوں گے۔ کوئی بھی کسٹمر یا کوئی دوسرا شخص اس قسم کے منافع/نقصان کے تعین کی بنیاد پر سوال اٹھانے کا حقدار نہیں ہوگا، اور اگر کوئی شخص اعتراض کرتا ہے یا کچھ وضاحت چاہتا ہے تو معاملہ شریعہ بورڈ/ آر ایس بی ایم کے پاس بھیجا جائے گا اور شریعہ بورڈ/ آر ایس بی ایم مشیر کا فیصلہ دونوں فریقوں کے لیے حتمی اور لاگو ہوگا اور اسے چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔

16.7 Where premature encashment of deposits/investments is allowed, the depositor will be entitled to profit rate concurrent to the deposit category, which equals to the deposit period with the Bank. In case the deposit period is not equal to any category, the category less than such deposit will be applicable.

16.7۔ جہاں ڈپازٹس/سرمایہ کاری کی قبل از وقت نقد رقم نکلوانے کی اجازت ہے، ڈپازٹرڈ، پازٹ کیٹیگری کے ساتھ ساتھ منافع کی شرح کا حقدار ہوگا، جو کہ بینک کے پاس ڈپازٹ کی مدت کے برابر ہوگی۔ اگر ڈپازٹ کی مدت کسی کیٹیگری کے برابر نہ ہو تو ایسے ڈپازٹ سے کم کیٹیگری کا اطلاق ہوگا۔

16.8 In the event of Loss on either the Capital or Revenue Account in respect of the business all investors of the investment pool shall share in such Loss on a pro rata basis proportionately as per their investments.

16.8۔ کاروبار کے حوالے سے کیپیٹل یا ریوینیو اکاؤنٹ میں نقصان کی صورت میں انویسٹمنٹ پول کے تمام سرمایہ کار اپنی سرمایہ کاری کے تناسب کے حساب سے اس طرح کے نقصان میں شریک ہوں گے۔

16.9 In case Loss has been incurred by the business and was caused by the gross negligence or willful default of the Bank, the Customer will not be liable to share in such loss as contemplated by Clause 16.8 above.

16.9۔ اگر کاروبار میں نقصان ہوا ہے اور جو بینک کی مکمل غفلت یا جان بوجھ کر نادہندگی کی وجہ سے ہوا ہے تو، صارف مذکورہ بالا شق 16.8 کے مطابق اس نقصان میں شریک نہیں ہوگا۔

16.10 The Islamic Term Deposits issued by the Bank shall be governed by these conditions as well as the Terms and Conditions for Islamic Term deposits ("Islamic Term Deposit Terms") to the extent that these terms are not inconsistent with the call terms, they shall apply to the same extent and effect as if the Islamic Term Deposit Holder is an accountholder of the Bank and the funds invested in the Islamic Term Deposits are considered as amounts available in the Account of the Islamic Term Deposit Holders.

16.10۔ بینک کی طرف سے جاری کردہ اسلامک ٹرم ڈپازٹس ان شرائط کے ساتھ ساتھ اسلامک ٹرم ڈپازٹس کے شرائط وضوابط ("اسلامک ٹرم ڈپازٹ کی شرائط") کے تحت اس حد تک چلیں گے کہ یہ شرائط کال کی شرائط سے متصادم نہ ہیں، وہ لاگو ہوں گی اسی حد تک اور اثر کے طور پر اگر اسلامک ٹرم ڈپازٹ ہولڈر بینک کا اکاؤنٹ ہولڈر ہے اور اسلامک ٹرم ڈپازٹس میں لگائے گئے فنڈز کو اسلامک ٹرم ڈپازٹ ہولڈرز کے اکاؤنٹ میں دستیاب رقم سمجھا جاتا ہے۔

17. FOREIGN CURRENCY ACCOUNTS: / 17۔ فارن کرنسی اکاؤنٹس:

17.1 Foreign currency, current or savings accounts and term deposits may be established in US Dollar, Pound Sterling, Euro, and other currencies, as the Bank shall determine/allow and in accordance with the local regulations in force, from time to time.

17.1۔ فارن کرنسی، کرنٹ یا سیونگ اکاؤنٹس اور ٹرم ڈپازٹس یو ایس ڈالر، پاؤنڈ اسٹرلنگ، یورو اور دیگر کرنسیوں میں کھولے جاسکتے ہیں، جیسا کہ بینک وقتاً فوقتاً مقامی قوانین کے مطابق تعین کرے گا/اجازت دے گا۔

17.2 In case of foreign currency current account monies deposited by the Customer with the Bank are on the basis of Qard and shall remain payable until paid. Bank may at its discretion use or employ such funds as it deems fit.

17.2۔ فارن کرنسی کی صورت میں کرنٹ اکاؤنٹ کی رقم جو کہ کسٹمر کی جانب سے بینک میں جمع کی جاتی ہے، وہ قرض کی بنیاد پر ہوتی ہے اور ادائیگی تک قابل ادائیگی رہے گی۔ بینک اسے اپنی صوابدید پر استعمال کرسکتا ہے یا اس طرح کے فنڈز کو جیسے مناسب سمجھے استعمال کرسکتا ہے۔

17.3 The Terms and Conditions contained in section No. 16 herein above applicable to profit bearing accounts shall also apply to Foreign Currency Saving Accounts.

17.3۔ مذکورہ شق نمبر 16 میں موجود شرائط وضوابط جو منافع کمانے والے اکاؤنٹس پر لاگو ہوتے ہیں وہ فارن کرنسی سیونگ اکاؤنٹس پر بھی لاگو ہوں گے۔

17.4 Withdrawals from a Foreign Currency Account shall be subject to the availability of the particular foreign currency with the Bank and in accordance with the prevailing directives of the State Bank of Pakistan and Government of Pakistan.

17.4۔ فارن کرنسی اکاؤنٹ سے رقم نکالنا بینک کے پاس مخصوص فارن کرنسی کی دستیابی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مشروط اور حکومت پاکستان کی مروجہ ہدایات کے مطابق ہوگا۔

17.5 The Bank may decline to accept foreign currency notes for deposit in Foreign Currency Account.

17.5۔ بینک فارن کرنسی اکاؤنٹ میں جمع کرنے کے لیے غیر ملکی کرنسی نوٹ قبول کرنے سے انکار کر سکتا ہے۔

17.6 The accountholder acknowledges that the Bank shall not be liable for any currency exchange loss resulting from any transfer/movement of the balances from foreign currency to the accountholder's account in another currency.

17.6۔ اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ بینک بیلنس کی فارن کرنسی سے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں کسی دوسری کرنسی میں منتقلی/نقل و حرکت کے دوران کرنسی کی شرح مبادلہ میں کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

21.33 Any dispute with or complaint against any Merchant Establishment must be directly resolved by the CARD HOLDER with the Merchant. The Bank is not in any manner responsible for any issues regarding goods and services received by the CARD HOLDER, including the quality, value warranty, delay of delivery, non-delivery, non-receipt of any goods or services. It must be clearly understood that the CARD is only a facility given to the card holder, which is made available to purchase goods or avail of services, and the Bank holds out no warranty or makes no representation about the quality, quantity, value, delivery or otherwise, howsoever regarding goods or services, and any dispute should be resolved with the Merchant Establishment directly. However, the CARD HOLDER may report to the Bank with details of the name, location, date and time of the transaction and other details that will assist the Bank in its investigations and possible resolution of the complaint.

21.33 ۔ مرچنٹ کے ساتھ کوئی تنازع یا اس کے خلاف کوئی شکایت اکاؤنٹ ہولڈر براہ راست مرچنٹ کے ساتھ حل کرے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر کے وصول کردہ سامان اور خدمات سے متعلقہ کسی مسائل، بشمول معیار، مالیت، وارنٹی، ڈیلوری میں تاخیر، ڈیلوری نہ ہونے، کسی سامان یا خدمات کی عدم وصولی کے لیے بینک ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔ یہ لازماً واضح طور پر سمجھ لیا جائے کہ یہ کارڈ اکاؤنٹ ہولڈر کو دی گئی محض ایک سہولت ہے جو مرچنٹ سے سامان کی خریداری یا خدمات کے حصول کے لیے دستیاب کی گئی ہے اور بینک سامان یا خدمات کے معیار، مقدار، مالیت، ڈیلوری ہونے یا نہ ہونے کی کوئی ضمانت نہیں دیتا اور نہ تصدیق کرتا ہے اور ان سب سے متعلق کسی تنازع کا براہ راست مرچنٹ کے ساتھ تصفیہ کرنا چاہیے۔ تاہم کارڈ ہولڈر بینک کو ٹرانزیکشن کے نام، مقام، تاریخ اور وقت کے ساتھ دیگر تفصیلات کی اطلاع دے سکتا ہے تاکہ بینک تفتیش میں مدد کرسکے اور شکایت کا حل ممکن بنا سکے۔

21.34 All refunds and adjustments due to any Merchant/device error or communication link may be processed manually, and the Account will be credited after due verification and in accordance with Payment Scheme and other networks rules and regulations as applicable. The CARD HOLDER agrees that any debits received during this time will be honored only based on the Available Balance in the Account(s) without considering this Refund. CARD HOLDER also indemnifies the Bank from acts of dishonoring the payment instructions.

21.34 ۔ مرچنٹ/ ڈیوائس کی غلطی یا کمیونیکیشن لنک میں کسی خرابی کی وجہ سے تمام ریفنڈز اور ایڈجسٹمنٹس پر دستی طور عمل درآمد کیا جاسکتا ہے اور پیمنٹ اسکیم اور دیگر نیٹ ورکس کے لاگو قوانین اور ضوابط کے مطابق واجب تصدیق کے بعد انہیں اکاؤنٹ میں کریڈٹ کردیا جائے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ اس دوران میں موصول ہونے والے کسی ڈیبٹس کو اس ریفنڈ پر غور کیے بغیر صرف اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں دستیاب بیلنس کی بنیاد پر قبول کیا جائے گا۔ کارڈ ہولڈر بینک کو ادائیگی کی ہدایات کی عدم قبولیت کی کارروائیوں سے بھی بری الذمہ ٹھہراتا ہے۔

21.35 It would be mandatory for the CARD HOLDER to key in the correct PIN at the time of purchase transaction or sign the Merchant receipt presented to him/her for the authorization of POS transaction. The signature should be the same as on the back of his/her card.

21.35 ۔ کارڈ ہولڈر کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ خریداری کے لین دین کے وقت درست PIN داخل کرے یا POS ٹرانزیکشن کی اجازت کے لیے پیش کردہ مرچنٹ رسید پر دستخط کرے۔ دستخط وہی ہونا چاہیے جو اس کے کارڈ کے پچھلے حصے پر ہے۔

21.36 In addition to these Terms and Conditions, the CARD shall be governed by terms and conditions and operating regulations stipulated by the card payment scheme from time to time.

21.36 ۔ ان شرائط وضوابط کے علاوہ، کارڈ، کارڈ پیمنٹ اسکیم کی طرف سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ شرائط وضوابط اور آپریٹنگ اصولوں کے تحت چلتا ہے۔

21.37 For the security of the Customer, the Bank may impose a daily/monthly limit on Debit Card transactions.

21.37 ۔ کسٹمر کی سیکورٹی کے لیے بینک ڈیبٹ کارڈ ٹرانزیکشن پر یومیہ/ ماہانہ حد لگا سکتا ہے۔

21.38 The services like 'Inter Bank Funds Transfer' (IBFT Facility), 'Utility Bill Payment System' (UBPS Facility), may only be available to the CARD HOLDER on the Bank's own ATMs until the Bank decides to provide these services on other Banks' ATMs.

21.38 ۔ 'انٹر بینک فنڈز ٹرانسفر' (IBF سہولت)، 'یوٹیلیٹی بل پیمنٹ سسٹم (UBPS سہولت)، کارڈ ہولڈر کے لیے بینک کے اپنے اے ٹی ایم پر ہی دستیاب ہوسکتی ہے، جب تک کہ بینک یہ خدمات دیگر بینکوں کے 'اے ٹی ایمز پر فراہم کرنے کا فیصلہ نہ کرے۔

21.39 The Bank reserves the right to alter, amend or revise any feature offered through the card and also to alter any of these Terms and Conditions without prior notice to the CARD HOLDER.

21.39 ۔ بینک کارڈ کے ذریعے پیش کردہ کسی بھی فیچر کو تبدیل کرنے، اس میں ترمیم یا نظرثانی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور کارڈ ہولڈر کو پیشگی اطلاع کے بغیر ان شرائط وضوابط میں سے کسی کو بھی تبدیل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

21.40 Use of the CARD after the date upon which any changes to these Terms and Conditions are to have an effect (as specified in the Bank's notice) will constitute acceptance without reservation by the CARD HOLDER of such change. Notification of change may take effect by such means as the Bank may consider appropriate (including but not limited to displaying the change on the ATM screen or enclosing it with the Bank statements or publishing it on the Bank's website or notice board at the branches).

21.40 ۔ اس تاریخ کے بعد کارڈ کا استعمال، جس پر ان شرائط وضوابط میں کوئی تبدیلی لاگو ہوئی ہو (جیسا کہ بینک کے نوٹس میں بیان کیا گیا ہوگا) ایسی تبدیلی کے کارڈ ہولڈر کی جانب سے اعتراض کے بغیر قبولیت سمجھی جائے گی۔ تبدیلی کا نوٹیفکیشن ایسے طریقوں سے موثر ہوسکتا ہے جیسا کہ بینک مناسب سمجھے (بشمول بلا حد اے ٹی ایم اسکرین پر تبدیلی کو ظاہر کرنا یا اسے بینک اسٹیٹمنٹس کے ساتھ منسلک کرنا یا اسے بینک کی ویب سائٹ یا شاخوں پر نوٹس بورڈ پر شائع کرنا)۔

21.41 The Bank reserves the right to limit the minimum/maximum amount which may be withdrawn each day by the use of the Card and any such limit(s) shall also be subject to availability of sufficient funds in the Account(s). Similarly, the daily minimum/maximum withdrawal limits apply to all ATMs and may vary between different ATMs belonging to different banks/networks/locations.

21.41 ۔ بینک کارڈ کے ذریعے نکالی جانے والی کم از کم/زیادہ سے زیادہ یومیہ رقم کو محدود کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور اس طرح کی کوئی بھی حد اکاؤنٹ میں کافی فنڈز کی دستیابی سے مشروط ہوگی۔ اسی طرح، یومیہ کم سے کم/زیادہ سے زیادہ رقم نکالنے کی حد تمام اے ٹی ایم پر لاگو ہوتی ہے اور مختلف بینکوں/نیٹ ورکس/مقامات سے تعلق رکھنے والے مختلف اے ٹی ایم کے درمیان مختلف ہوسکتی ہے۔

21.42 Transactions made by use of the Card may be limited to a minimum and maximum amounts in any specified period and multiples of any amount as may be prescribed. The Bank shall not be responsible for any loss or inconvenience that the Accountholder may suffer due to the lack of uniformity in these limits for Card transactions through different ATMs/networks/locations.

21.42 ۔ کارڈ کے استعمال کے ذریعے کی جانے والی ٹرانزیکشنز کسی مخصوص مدت میں کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ رقم اور کسی رقم کے طے شدہ حاصل ضرب تک محدود ہوسکتی ہیں۔ بینک کسی ایسے نقصان یا زحمت کے لیے ذمہ دار نہیں ہے جو اکاؤنٹ ہولڈر کو مختلف اے ٹی ایمز/نیٹ ورکس/لوکیشنز کے ذریعے کارڈ ٹرانزیکشنز کے لیے ان لمٹس کے یکساں نہ ہونے کی وجہ سے اٹھانا پڑسکتی ہے۔

21.43 The Bank will not be responsible for any cash loss for any reasons whatsoever after the cash withdrawal transaction is completed by the Accountholder at an ATM. A cash withdrawal transaction will be treated as completed if the Bank's records indicate that the ATM has dispensed the money.

21.43 ۔ بینک اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کیش نکالنے کی ٹرانزیکشن مکمل ہونے کے بعد کسی بھی وجہ سے ہونے والے کیش کے کسی نقصان کے لیے ذمہ دار نہیں ہے۔ اگر بینک کا ریکارڈ نشان دہی کردے کہ اے ٹی ایم کی طرف سے رقم حوالے کی جاچکی ہے تو کیش نکالنے کی ٹرانزیکشن مکمل تصور کی جائے گی۔

21.44 The use of the Card shall be entirely at the Accountholder's risk and responsibility, and the Bank shall not be held responsible for any loss due to theft, burglary, etc. in the vicinity of an ATM. The Bank reserves the right to participate at any time in any network sharing arrangement which will enable the Cards to be accepted on the electronic devices of other institutions participating in such shared networks.

21.44 ۔ کارڈ کا استعمال مکمل طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کے رسک اور ذمہ داری پر ہوگا اور بینک اے ٹی ایم کی حدود میں کسی چوری، ڈاکا زنی وغیرہ کی وجہ سے کسی نقصان کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ بینک کسی بھی وقت کسی ایسے نیٹ ورک شیئرنگ ارینجمنٹ میں شمولیت کا حق محفوظ رکھتا ہے جو کارڈز کو ایسے مشترکہ نیٹ ورکس میں شامل دیگر اداروں کے الیکٹرانک ڈیوائسز پر قبول کیے جانے کے قابل بنائیں گے۔

21.45 The CARD HOLDER also undertakes to pay all taxes, cesses and levies and/or duties levied on CARD transactions by any Government (Federal/Provincial/Local) from time to time.

21.45 ۔ کارڈ ہولڈر کسی بھی حکومت (وفاقی/صوبائی/مقامی) کی طرف سے وقتاً فوقتاً کارڈ سے لین دین پر عائد کردہ تمام ٹیکس، سیسز، محصولات اور/یا ڈیوٹیاں ادا کرنے کا بھی عہد کرتا ہے۔

21.46 The CARD HOLDER further undertakes to pay all BANK charges in respect of issuance/replacement fee of the CARD or PIN and/or service charge, etc. The BANK will be entitled to recover all such charges/fees at prevalent or enhanced rates from the account of CARD HOLDER at any time and the BANK's discretion and no request or claim for refund would be entertained by the BANK.

21.46 ۔ کارڈ ہولڈر، کارڈ یا پن اور/یا سروس چارج وغیرہ کے اجراء/متبادل فیس وغیرہ کے حوالے سے تمام بینک چارجز ادا کرنے کا مزید اقرار کرتا ہے۔ کارڈ ہولڈر کی کسی بھی وقت اور بینک کی صوابدید پر کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے موجودہ یا اضافہ شدہ شرح پر ایسے تمام چارجز/فیس وصول کرنے کا حق دار ہوگا اور ایسی کسی رقم کی واپسی کے لیے کوئی درخواست یا دعویٰ بینک کی طرف سے قبول نہیں کیا جائے گا۔

21.47 Charges for the usage of ATMs of the BANK or ATMs of participating banks shall be levied according to the Schedule of Charges of the BANK. The Bank shall be entitled to debit the CARD HOLDER's account in respect of these charges.

21.47 ۔ بینک کے اے ٹی ایم یا شراکت دار بینکوں کے اے ٹی ایم کے استعمال کے چارجز بینک کے چارجز کے شیڈول کے مطابق لگائے جائیں گے۔ بینک ان چارجز کے حوالے سے کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کا حقدار ہوگا۔

21.48 Use of card outside Pakistan

21.48 ۔ پاکستان سے باہر کارڈ کا استعمال:

1. While CARD HOLDER may be allowed to withdraw cash from ATMs in foreign countries and also utilize the CARD for payments to MERCHANTS, the Bank may at its discretion disallow this facility if circumstances arise which in its opinion prohibit it from doing so.

(1) ۔ جہاں کارڈ ہولڈر کو بیرونی ممالک میں اے ٹی ایم سے کیش نکالنے کی اجازت دی جاسکتی ہے اور کارڈز کو مرچنٹس کو ادائیگیوں کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے، تاہم اگر ایسے حالات پیدا ہوتے ہیں جو اس کی رائے میں اسے ایسا کرنے سے روکتے ہوں، تو بینک اپنی صوابدید پر اس سہولت کو مسترد کرسکتا ہے۔

2. The CARD cannot be used for effecting remittances for the purposes for which the release of exchange is not permitted under our internal policies and any regulations. The Bank reserves the right to report such violations to the Regional office of the Exchange Control Department, giving full details. The CARD HOLDER's right to use the CARD in such circumstances would cease forthwith.

(2) ۔ کارڈ کو ایسے مقاصد کے لیے ترسیلات زر کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا جن کے لیے ہماری داخلی پالیسیوں اور کسی بھی ضابطوں کے تحت زرمبادلہ کے اجرا کی اجازت نہیں ہے۔ بینک اس طرح کی خلاف ورزیوں کی مکمل تفصیلات کے ساتھ ایکسچینج کنٹرول ڈپارٹمنٹ کے ریجنل آفس کو رپورٹ دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ کارڈ ہولڈر کا ایسے حالات میں کارڈ استعمال کرنے کا حق فوری طور پر ختم ہوجائے گا۔

3. Usage of the Card outside Pakistan shall be made strictly in accordance with the provisions of the Foreign Exchange Regulation Act, 1947, the rules made thereunder, and the directives/instructions issued by SBP from time to time in respect thereof.

(3) ۔ پاکستان سے باہر کارڈ کا استعمال سختی سے فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ، 1947 کے تحت بنائے گئے قواعد اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ رہنمائی/ہدایات کے مطابق کیا جائے گا۔

4. The exchange rate for all foreign currency transactions on the Card shall be decided by the Bank and shall, except in case of manifest error, be binding on the Accountholder.

(4) ۔ کارڈ پر تمام غیر ملکی کرنسی کے لین دین کے لیے شرح مبادلہ کا فیصلہ بینک کرے گا اور سوائے واضح غلطی کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اس کا پابند ہوگا۔

22. FUNDS TRANSFER THROUGH ALTERNATE CHANNEL:

22 ۔ متبادل ذرائع سے فنڈز کی منتقلی:

22.1 The CARD HOLDER's Account will be debited by the Bank on receipt of a Funds Transfer request made via the ATM or any ALTERNATE CHANNEL.

22.1 ۔ اے ٹی ایم یا کسی متبادل چینل کی طرف سے فنڈز ٹرانسفر کی درخواست موصول ہونے پر اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے رقم ڈیبٹ کی جائے گی۔

22.2 The CARD HOLDER shall ensure that the particulars of the Funds Transfer request are complete and correct so as to enable a successful transfer of funds from his/her Account into the beneficiary's Account.

22.2 ۔ اکاؤنٹ ہولڈر یقینی بنائے گا کہ فنڈز ٹرانسفر کی درخواست کے کوائف درست اور مکمل ہیں تاکہ اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے بینیفشری کے مقررہ اکاؤنٹ میں فنڈز کی کامیاب منتقلی ممکن بنائی جاسکے۔

22.3 Any Funds Transfer request submitted by the CARD HOLDER, shall be irrevocable and deemed correct and binding on the CARD HOLDER and payment shall be made to the beneficiary's Account based on the account number given by the CARD HOLDER.

22.3 ۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے جمع کرائی گئی فنڈز ٹرانسفر کی کوئی بھی درخواست ناقابلِ تنسیخ ہوگی اور درست سمجھی جائے گی اور اکاؤنٹ ہولڈر پر لاگو ہوگی اور اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے دیے گئے اکاؤنٹ نمبر پر مبنی بینیفشری کے اکاؤنٹ میں ادائیگی کی جائے گی۔

22.4 While making a Funds Transfer on ATM or any ALTERNATE CHANNEL, if the funds were not transferred to the destined Account as per the transfer request, then the CARD HOLDER will submit a claim for the respective amount with the Bank. The Bank will only reverse the entry for the claimed amount after verifying such claim with the Bank's respective records and if the claim has been submitted by the customer before the 6-month deadline of the transaction.

22.4 ۔ اے ٹی ایم یا کسی متبادل چینل کے ذریعے فنڈ ٹرانسفر کرتے وقت اگر فنڈز، ٹرانسفر کی درخواست کے مطابق مقررہ اکاؤنٹ میں ٹرانسفر نہ ہوئے ہوں، تو اکاؤنٹ ہولڈر متعلقہ رقم کے لیے بینک کے پاس ایک کلیم جمع کرواسکتا ہے۔ بینک صرف بینک کے متعلقہ ریکارڈز کے ساتھ ایسے کلیم کی تصدیق کے بعد ہی دعویٰ شدہ رقم کے لیے انٹری کو ریورس کرے گا اور اگر کسٹمر کی طرف سے وہ کلیم ٹرانزیکشن کی تاریخ سے 6 ماہ کی مدت کے اندر جمع کرایا گیا ہو۔

22.5 While making a Funds Transfer on ATM or any ALTERNATE CHANNEL the responsibility for entering the correct account number and other details will be that of the Customer. The Bank shall not be responsible for the entering of incorrect account number on the part of the CARD HOLDER, but in the event of the CARD HOLDER requesting a reversal and admitting to entering the incorrect account number, the Bank may at its discretion and as per its policies and procedures reverse the transfer. However, notwithstanding the above, it is clarified that the Bank shall only make the reversal if it is first able to recover the amount from the beneficiary and the receiving Bank.

22.5 ۔ اے ٹی ایم یا کسی متبادل چینل کے ذریعے فنڈز ٹرانسفر کرتے ہوئے درست اکاؤنٹ نمبر اور دیگر تفصیلات داخل کرنا اکاؤنٹ ہولڈر کی ذمہ داری ہوگی۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کوئی غلط اکاؤنٹ نمبر داخل کرنے پر بینک ذمہ دار نہیں ہوگا، لیکن اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے ریورسل (واپسی) کی درخواست اور غلط اکاؤنٹ نمبر داخل کرنے کے اعتراف کی صورت میں، بینک تنہا اپنی صوابدید پر اور اپنی پالیسیوں اور طریقہ کار کے مطابق فنڈ ز ٹرانسفر کو ریورس کرسکتا ہے۔ تاہم مندرجہ بالا سے قطع نظر، یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ بینک صرف تبھی مذکورہ ریورسل کرے گا، اگر وہ پہلے بینیفشری اور وصول کنندہ بینک سے مطلوبہ رقم وصول کرنے میں کامیاب ہوجائے گا۔

22.6 Receiving Banks may credit received funds to the beneficiary's account at different times, and the Bank shall not be responsible as to when the transferred funds will be credited to the beneficiary.

22.6 ۔ وصول کنندہ بینکس کسی مختلف اوقات میں وصول شدہ فنڈز بینفشری کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کرسکتے ہیں اور بینک اس کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا کہ منتقل شدہ فنڈز حقیقتاً کب بینیفشری کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کیے جائیں گے۔

22.7 The Bank shall not be responsible in any circumstances if any receiving Bank fails for any reason to pay the beneficiary.

22.7 ۔ بینک ایسے کسی حالات میں ذمہ دار نہیں ہوگا اگر کوئی وصول کنندہ بینک کسی وجہ سے بینیفشری کو ادائیگی کرنے میں ناکام رہے۔

22.8 The CARD HOLDER shall pay all service charges, transaction fees and/or any other charges related to the Funds Transfer, which may be imposed by the Bank or by the beneficiary's Bank.

22.8 ۔ کارڈ ہولڈر فنڈز سے متعلق تمام سروس چارجز، ٹرانزیکشن فیس اور/ یا ٹرانسفر سے متعلق دیگر کوئی چارجز ادا کرے گا جو بینک یا بینیفشری کے بینک کی طرف سے لاگو کیے جاسکتے ہیں۔

23. UTILITY BILL PAYMENT SERVICE THROUGH ALTERNATE CHANNELS: 23 ۔ متبادل چینلز کے ذریعے یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی:

23.1 The CARD HOLDER hereby authorizes the Bank to accept instructions given to the Bank by him/her through the ATM or any ALTERNATE CHANNEL to debit the CARD HOLDER's Account to pay the DESIGNATED UTILITY PROVIDER.

23.1 ۔ کارڈ ہولڈر بذریعہ ہذا بینک کو کسی مقررہ یوٹیلیٹی پرووائیڈر کو ادائیگی کے لیے کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کے لیے اے ٹی ایم یا کسی متبادل چینل کے ذریعے اس کی طرف سے ہدایات قبول کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

23.2 When the CARD HOLDER uses the CARD on the Bank's ATM or any ALTERNATE CHANNEL or gives instructions through ALTERNATE CHANNEL for paying Utility Bills, then partial payment of the amount may not be allowed.

23.2 ۔ جب کارڈ ہولڈر یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی کے لیے اپنا کارڈ بینک کے اے ٹی ایم یا کسی متبادل چینل پر استعمال کرتا ہے یا متبادل چینل کے ذریعے ہدایات دیتا ہے تو ممکن ہے رقم کی جزوی ادائیگی کی اجازت نہ دی جائے۔

23.3 The CARD HOLDER accepts that the Utility Bill Payment Service may not be available at certain times in the month, and the CARD HOLDER agrees that in such circumstances, the CARD HOLDER shall make the payment to the DESIGNATED UTILITY PROVIDER directly and that the CARD HOLDER shall not hold the Bank liable for non-provision of the Utility Bill Payment Service.

23.3 ۔ اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ ممکن ہے مہینے میں مخصوص اوقات میں بل پیمنٹ سروس دستیاب نہ ہو اور کارڈ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ ایسی صورت حال میں کارڈ مقررہ یوٹیلیٹی پرووائیڈر کو براہ راست ادائیگی کرے گا اور یہ کہ کارڈ ہولڈر یوٹیلیٹی بل پیمنٹ سروس کی عدم فراہمی کے لیے بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا۔

23.4 The CARD HOLDER agrees that the Bank retains the absolute discretion not to carry out such instructions for whatever reason and that the CARD HOLDER shall not hold the Bank liable in any way whatsoever for failing to carry out such instructions. The CARD HOLDER accepts and agrees that the Bank provides this Utility Bill Payment Service at the CARD HOLDER's own risk and that the Bank shall not be held liable in any way whatsoever for non-provision of the Utility Bill Payment Service or failure to carry out the instructions in whole or in part. The CARD HOLDER agrees that the Bank shall not be responsible for any delay in the execution or non-executions of instructions that are in the Bank's opinion unclear or Invalid or that the Bank deems non-executioner.

23.4 ۔ کارڈ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ بینک مطلق صوابدید رکھتا ہے کہ وہ کسی بھی وجہ سے ایسی ہدایات پر عمل نہ کرے اور یہ کہ کارڈ ہولڈر بینک کو ایسی ہدایات پر عمل نہ کرنے پر کسی بھی طرح جواب دہ نہیں ٹھہرائے گا۔ کارڈ ہولڈر قبول کرتا اور اقرار کرتا ہے کہ بینک یہ یوٹیلیٹی بل پیمنٹ کارڈ ہولڈر کے اپنے رسک پر فراہم کرتا ہے اور بینک کو یوٹیلیٹی بل پیمنٹ سروس کی عدم فراہمی یا ہدایات پر کلی یا جزوی طور پر عمل نہ کرپانے پر جواب دہ نہیں ٹھہرائے گا۔ کارڈ ہولڈر اتفاق کرتا ہے کہ بینک ایسی ہدایات پر عمل درآمد میں تاخیر یا عمل درآمد نہ کرنے پر ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا جو بینک کی رائے میں غیر واضح یا غیر صحیح ہوا ور جسے بینک ناقابل عمل سمجھتا ہے۔

23.5 The CARD HOLDER agrees that the Bank is under no obligation to provide remittance advice or receipt to the CARD HOLDER, representing the payment of the bill(s) and that only an approval number will be given near the end of successful payment through the Utility Bill Payment Service as confirmation of receipt of instructions.

23.5 ۔ کارڈ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ بینک پر کارڈ ہولڈر کو ترسیل زر کا مشورہ یا بل کی ادائیگی کی رسید فراہم کرنے کی کوئی ذمہ داری نہیں اور یوٹیلیٹی بل پیمنٹ سروس کے ذریعے کامیاب ادائیگی کے اختتام کے قریب صرف ایک اپروول نمبر ہدایات کی وصولی کی تصدیق کے طور پر دیا جائے گا۔

23.6 The CARD HOLDER hereby accepts and agrees that the Bank shall not be held liable for any failure or delay or error on the part of the DESIGNATED UTILITY PROVIDER to record and effect any payment that the CARD HOLDER instructs the Bank to make using this Utility Bill Payment Service.

23.6 ۔ کارڈ ہولڈر بذریعہ ہذا قبول کرتا اور اقرار کرتا ہے کہ بینک مقررہ یوٹیلیٹی پرووائیڈر کی طرف سے کسی ناکامی یا تاخیر یا غلطی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا جیسا کہ کارڈ ہولڈر نے بینک کو اس یوٹیلیٹی پیمنٹ سروس کے استعمال کے ذریعے ادائیگی کو ریکارڈ اور عملی شکل دینے کی ہدایت کی تھی۔

23.7 The CARD HOLDER agrees that the Bank's records of the transaction processed through this Utility Bill Payment Service will be final and binding and that the CARD HOLDER shall not later deny the validity of the transactions made using this Utility Bill Payment Service.

23.7 ۔ کارڈ ہولڈر اقرار کرتا ہے کہ بینک کے اس یوٹیلیٹی بل پیمنٹ سروس کے ذریعے پروسیس کیے گئے ٹرانزیکشن کے ریکارڈز حتمی اور لاگو ہوں گے اور یہ کہ کارڈ ہولڈر بعدازاں اس یوٹیلیٹی بل پیمنٹ سروس کے استعمال کے ذریعے کی گئی ٹرانزیکشن کی درستگی سے انکار نہیں کرے گا۔

23.8 The Accountholder accepts that any Card transaction information appearing on the ATM or a printout issued by an ATM to the Accountholder shall not constitute any receipt or acknowledgment by the Bank or evidence of the correctness of the Card transaction, but merely a memo based on the Accountholder's instructions. In the event of the Accountholder disputing any Card transaction made by the use of the Card, the Bank shall not be liable to disclose its internal records to the Accountholder and a statement as to the correctness of the Card transaction by the Bank shall, except in case of manifest error, be accepted as conclusive and shall be binding on the Accountholder.

23.8 ۔ اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ کسی اے ٹی ایم پر نمودار ہونے والی کارڈ ٹرانزیکشن کی کوئی معلومات یا اکاؤنٹ ہولڈر کو جاری شدہ پرنٹ آؤٹ بینک کی طرف سے کوئی رسید یا اقرار یا کارڈ ٹرانزیکشن کی درستگی کا ثبوت نہیں سمجھا جائے گا، بلکہ اسے محض اکاؤنٹ ہولڈر کی کارڈ ٹرانزیکشنز پر مبنی ایک یادداشت کی حیثیت حاصل ہوگی۔ اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کارڈ کے استعمال کے ذریعے کی جانے والی کسی کارڈ ٹرانزیکشن کو متنازع ٹھہرائے جانے کی صورت میں بینک اپنے انٹرنل ریکارڈز اکاؤنٹ ہولڈر پر ظاہر کرنے کا پابند نہیں ہوگا اور بینک کی طرف سے کارڈ ٹرانزیکشن کی درستگی کی ایک اسٹیٹمنٹ، ماسوائے اس کے کہ کوئی ٹھوس غلطی ہو، بطور حتمی تسلیم کیا جائے گا اور اس کی پابندی اکاؤنٹ ہولڈر پر لازم ہوگی۔

24. SMS ALERT FACILITY: 24 ۔ ایس ایم ایس الرٹ سہولت:

24.1 The Customer hereby subscribes to the SMS Alert facility of the Bank, whereby the Customer shall receive Short Messaging Service ("SMS") alerts on the Customer's Mobile Phone Number in the form of customized messages. The Customer shall not be able to undertake any transaction through the SMS Alert facility. The SMS alerts shall only be sent to the mobile phone number, which has been specifically provided by the Customer for the purposes of these clauses. (authorized mobile network)

24.1 ۔ کسٹمر بذریعہ ہذا بینک کی ایس ایم ایس الرٹ فیسیلیٹی حاصل کر رہا ہے جس میں کسٹمر مخصوص پیغامات کی شکل میں کسٹمر کے موبائل فون پر شارٹ میسیجنگ سروس ("SMS") وصول کرے گا۔ کسٹمر ایس ایم ایس الرٹ فیسیلیٹی کے ذریعے کوئی ٹرانزیکشن سرانجام دینے کے قابل نہیں ہوگا۔ یہ ایس ایم ایس الرٹ صرف اس موبائل فون نمبر پر بھیجے جائیں گے جو کارڈ ہولڈر کی طرف سے ان شقوں کے مقاصد کے لیے خصوصی طور پر فراہم کیا گیا ہے (منظور شدہ موبائل نیٹ ورک)۔

24.2 Such SMS alerts will be available to the Customer only if the Customer is within the cellular service range of the particular cellular service provider of the Customer.

24.2 ۔ ایسے ایس ایم ایس الرٹس کسٹمر کو صرف اسی صورت میں دستیاب ہوں گے اگر وہ مخصوص سیلولر سروس پرووائیڈر کی سیلولر سروس کی حد کے اندر ہوں گے۔

24.3 If the Customer suspects that there is an error in the information contained in the SMS alert sent to him, he/she shall inform the same to the Bank as soon as possible and the Bank shall endeavor to correct the error wherever possible, on a best effort basis.

24.3 ۔ اگر کسٹمر کو شبہ ہو کہ اسے بھیجے گئے ایس ایم ایس الرٹ میں موجود معلومات میں کوئی غلطی ہے، تو وہ ممکنہ حد تک جلد از جلد بینک کو اس کی اطلاع دے گا/گی اور بینک اس غلطی کو درست کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔

24.4 The Customer agrees that the SMS Banking Alert facility provided to the Customer is an additional facility for his/her convenience and is susceptible to delay error, omission and/or inaccuracy. The Customer shall not hold the Bank liable for any loss, damages etc. that may be incurred/suffered by the Customer on account of the SMS Banking Alert facility.

24.4 ۔ کسٹمر اقرار کرتا ہے کہ کسٹمر کو فراہم کردہ ایس ایم ایس فیسیلیٹی اس کی سہولت کے لیے مہیا کردہ ایک اضافی سہولت ہے جو تاخیر، غلطی، غفلت اور/یا غیر درستگی کے حوالے سے حساس ہے۔ کسٹمر ایسے خسارے یا نقصانات کے لیے بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا جو اسے ایس ایم ایس الرٹ فیسیلیٹی کے حوالے سے برداشت کرنے پڑے ہوں۔

24.5 The Bank shall not be liable for any unauthorized use/access to the information and or SMS alert sent by the Bank to the Mobile Phone Number of the Customer or for fraudulent duplicate or erroneous use/misuse of such information by any third person.

24.5 ۔ بینک کی طرف سے کسٹمر کے موبائل فون نمبر پر بھیجی گئی کسی معلومات اور یا ایس ایم ایس الرٹ کے بلا اجازت استعمال/رسائی یا کسی تیسرے فریق کی طرف سے ایسی معلومات کی دھوکا دہی کے ذریعے نقل سازی یا غلط/بے جا استعمال کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

24.6 The Customer hereby authorizes the Bank to send promotional messages including the products of the Bank, greetings or any other messages the Bank may choose to send from time to time. The Customer agrees, unconditionally and irrevocably, that such messages/calls made by the Bank or its agents will not be considered as a breach of privacy.

24.6 ۔ کسٹمر بذریعہ ہذا بینک کو وقتاً فوقتاً پروموشنل میسجز بشمول بینک کی پروڈکٹس، خیر خواہی پیغامات یا ایسے دیگر پیغامات بھیجنے کا اختیار دیتا ہے جو بینک وقتاً فوقتاً بھیجنا چاہے۔ کسٹمر غیر مشروط اور غیر رجعی طور پر اقرار کرتا ہے کہ بینک یا اس کے ایجنٹس کی طرف سے بھیجے گئے ایسے پیغامات/کالز کو ذاتی زندگی میں خلل اندازی تصور نہیں کیا جائے گا۔

24.7 The Customer acknowledges and accepts that the Services being provided are dependent on the infrastructure, connectivity, and services being provided by the Telco within and outside the country and that the timelines and accuracy of the information sent by the Bank will depend on factors affecting the Network within and outside the country. The Bank shall not under any circumstances whatsoever, be liable for non-delivery or delayed delivery of information nor for error, loss or distortion in transmission of information to the Customer.

24.7 ۔ کسٹمر اس بات کو تسلیم اور قبول کرتا ہے کہ فراہم کی جانے والی سروسز کا انحصار انفراسٹرکچر اور رابطہ اور ٹیلکوز کی جانب سے پاکستان کی اندر اور باہر فراہم کردہ سروسز پر ہے اور یہ کہ بینک کی جانب سے بھیجی جانے والی معلومات کی بروقت فراہمی یا مستند ہونا ملک کے اندر اور باہر نیٹ ورک کو متاثر کرنے والے عوامل سے مشروط ہوگا۔ بینک کسی بھی صورت میں ان معلومات کی عدم فراہمی یا تاخیر سے فراہمی کا ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ہی ان معلومات کی کسٹمر کو فراہمی کے ضمن میں کسی غلطی، نقصان یا تعطل کا اسے ذمہ دار ٹھہرایا جاسکے گا۔

24.8 The customer shall be solely responsible for intimation to the Bank for any change in the phone number. In case the customer changes his/her authorized mobile number and does not inform the Bank, The bank will continue to send SMS alerts at the authorized mobile number provided by the customer.

24.8 ۔ فون نمبر میں کسی تبدیلی کی اطلاع بینک کو دینا تنہا کسٹمر کی ذمہ داری ہوگی۔ ایسی صورت میں کہ کسٹمر اپنا مجاز موبائل فون نمبر تبدیل کرتا/کرتی ہے اور بینک کو اطلاع نہیں دیتا/دیتی، بینک کسٹمر کی طرف سے فراہم کردہ موبائل نمبر پر ایس ایم ایس الرٹس بھیجنا جاری رکھے گا۔

24.9 The customer acknowledges that only one mobile number can be registered against an account.

24.9 ۔ کسٹمر اقرار کرتا ہے کہ ایک اکاؤنٹ کے مقابل صرف ایک موبائل نمبر رجسٹر ہوگا۔

24.10 In addition, Free SMS alerts also be sent to customers through both SMS and e-mail (where e-mail IDs are available) for all International and Domestic digital transactions including but not limited to ATM, POS, Internet Banking Transaction prescribed by SBP from time to time.

24.10 ۔ اس کے علاوہ تمام بین الاقوامی اور مقامی ڈیجیٹل لین دین کے لیے ایس ایم ایس اور ای میل (جہاں ای میل آئی ڈی دستیاب ہیں) دونوں کے ذریعے مفت الرٹس بھی بھیجے جائیں گے۔ بشمول لیکن بلا حد اے ٹی ایم، پی او ایس، انٹرنیٹ بینکنگ ٹرانزیکشنز اور ایس بی پی کی طرف سے وقتاً فوقتاً تجویز کردہ دیگر ٹرانزیکشنز کے مقابل بھی مفت ایس ایم ایس الرٹس بھیجے جائیں گے۔

24.11 The services being provided by the Bank in relation to mobile phone banking facility may be temporarily suspended at any time for the purpose of carrying out repair and maintenance work in respect thereof, such suspension may also be carried out with respect to any security procedure required to be followed by the bank.

24.11 ۔ موبائل فون بینکنگ کے بارے میں بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات کسی بھی وقت مرمت اور مینٹیننس کے کاموں کیلئے عارضی طور پر معطل کی جاسکتی ہے۔ یہ سروسز بینک کیلئے لازم کسی سیکیورٹی طریقہ کار کے نفاذ کے سلسلہ میں بھی معطل کی جاسکتی ہیں۔

24.12 The customer acknowledges that the services of the Bank will be implemented in different phases and that the Bank may decide to add certain facilities in addition to the Services already provided. Conversely, the Bank may in its absolute discretion decide to cancel or remove any part of or the entire services being provided to the customer at any time without prior notice in respect thereof.

24.12 ۔ کسٹمر اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ بینک کی سروسز مختلف مراحل میں فراہم کی جائیں گی اور بینک اگر چاہے تو پہلے سے فراہم کی جانے والی سہولیات میں بعض دیگر سہولیات کا اضافہ بھی کرسکتا ہے۔ اس کے برعکس بینک اس بات کا کلی طور پر مجاز ہے کہ ان سروسز کے کسی حصہ یا اسے مکمل طور پر منسوخ یا ختم کردے جو کہ کسٹمر کو فراہم کی جارہی ہیں اور اس کیلئے وہ کسی نوٹس دینے کا بھی پابند نہیں ہوگا۔

24.13 The Services being offered by the Bank shall be subject to charges as provided in the Schedule of Charges (SOC) of the Bank, which may be revised from time to time and communicated through revised/latest SOC. Further, the Customer shall be liable for payment of aforementioned services and/or such airtime or other charges which may be levied by the Telco or the Bank in connection with receiving the Alerts. In the event that the Customer is required to make any payment in connection with the use of the Services, the Bank shall have the right to debit the Customer's Account(s) with the Bank. However, in case neither the customer pays the charges nor sufficient balance available in his/her account, the Bank reserves the right to suspend the Services without any prior notice.

24.13 ۔ بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی یہ سروسز بینک کے شیڈیول آف چارجز (SOC) میں دیے گئے چارجز سے مشروط ہوں جن میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاسکتی ہے اور ترمیم شدہ/تازہ ترین SOC کے ذریعے ان کی اطلاع دی جاتی ہے۔ مزید برآں کسٹمر مذکورہ شرائط اور/یا کسی ایئر ٹائم یا دیگر چارجز کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہوگا جو ٹیلکو یا بینک کی طرف سے الرٹس وصول کرنے کے حوالے سے عائد کیے گئے ہوں۔ ایسی صورت میں جب کہ اس سروس کے سلسلہ میں کسٹمر کو کسی بھی قسم کے چارجز بینک کو ادا کرنے ہوں تو بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ بینک کے پاس موجود کسٹمر کے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں سے یہ رقم منہا کرلے۔ تاہم اگر کسٹمر چارجز کی ادائیگی نہ کرے اور نہ اس کے اکاؤنٹ میں خاطر خواہ بیلنس موجود ہو تو بینک کسی پیشگی اطلاع کے بغیر خدمات معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

25. PHONE BANKING (IVR SERVICES)/E-STATEMENTS FACILITY: 25۔ فون بینکنگ (آئی وی آر سروسز)/ای اسٹیٹمنٹس فیسیلیٹی:

25.1 That the bank is irrevocably authorized and instructed to accept all instructions received by the Bank via Voice Instructions or the telephone or keystrokes on the Interactive Voice Response (IVR), Mobile, Internet and Website banking and may rely conclusively on the authenticity of and due authorization for any such instruction and regard the same as emanating from me, the customer, where the issuer of such instructions correctly provides such information for identification purposes as is contained in the subscription form attached hereto, as may be requested by the bank, including but not limited to:

25.1 ۔ یہ کہ بینک کو ناقابل تنسیخ طور پر مجاز بنایا جاتا ہے اور ہدایت دی جاتی ہے کہ بینک کو صوتی ہدایات یا ٹیلی فون کے ذریعے یا انٹرایکٹیو وائس رسپانس (آئی وی آر) پر کی اسٹروکس، موبائل، انٹرنیٹ اور ویب سائٹ کے ذریعے موصول ہونے والی تمام ہدایات کو قبول کرے اور ایسی کسی ہدایت کو میری طرف سے موصول شدہ ہدایت کی درستگی اور اجازت پر حتمی طور پر اعتبار کرے، جہاں اس طرح کی ہدایات جاری کرنے والا شناختی مقاصد کے لیے ایسی معلومات فراہم کرتا ہے جو یہاں منسلک سبسکرپشن کے مقصد کے لیے فراہم کی گئی ہیں، جن کی بینک کی طرف سے درخواست کی جاسکتی ہے، بشمول لیکن بلا حد:

a. The customer’s Computerized National Identity Card number(CNIC)

الف۔ کسٹمر کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC)

b. The Personal Identification Number(PIN), Telephone Personal Identification Number(TPIN) or password, as the case requires, is issued by the Bank to the customer for being able to verify the identity of the Customer and for the customer to validly issue an instruction for availing any services over any of the Electronic channels.

ب۔ ذاتی شناختی نمبر (PIN)، ٹیلی فون ذاتی شناختی نمبر (PIN-T) یا پاس ورڈ، جیسا کہ معاملے کا تقاضا ہو، جسے بینک کی طرف سے الیکٹرانک چینلز میں سے کسی پر بھی خدمات حاصل کرنے کے لیے کسٹمر کو جاری کیا جاتا ہے تاکہ وہ کسٹمر کی شناخت کی تصدیق کرسکے اور کسٹمر کو درست طریقے سے ہدایات جاری کرسکے

25.2 The Bank shall be, at its own discretion, at absolute liberty to refuse or accept or give effect to any instructions given verbally, if in the sole opinion of the Bank, the authenticity of such instructions is doubtful or the Bank is otherwise unable to give effect to the instructions for any reason whatsoever.

25.2 ۔ بینک، اپنی صوابدید پر، زبانی طور پر دی گئی کسی بھی ہدایات سے انکار یا قبول نہ کرنے یا اس پر عمل درآمد نہ کرنے کی مکمل آزادی رکھتا ہے، اگر بینک کی واحد رائے میں، ایسی ہدایات کی صداقت مشکوک ہے یا بینک بصورت دیگر کسی بھی وجہ سے ہدایات کی تعمیل سے قاصر ہے۔

25.3 The customer accepts full responsibility for keeping the security information furnished in the subscription form secure and further agrees:

25.3 ۔ کسٹمر سبسکرپشن فارم میں دی گئی سیکیورٹی معلومات کو محفوظ رکھنے کی مکمل ذمہ داری قبول کرتا ہے، اور مزید اتفاق کرتا ہے:

a. Not to keep his/her Personal Identification Number (PIN)/Telephone personal Identification Number (TPIN)/Password in a form that can be easily identified as a personal Identification Number (PIN)/Telephone Personal Identification Number (TPIN)/Password.

الف۔ اس کا ذاتی شناختی نمبر (PIN)/ ٹیلی فون ذاتی شناختی نمبر (TPIN)/ پاس ورڈ ایسی شکل میں نہیں رکھے گا جسے آسانی سے ذاتی شناختی نمبر (PIN)/ ٹیلی فون ذاتی شناختی نمبر (TPIN)/ پاس ورڈ کے طور پر شناخت کیا جاسکے۔

b. Not to voluntarily disclose his/her Password to any other person.

ب۔ کسی دوسرے شخص پر رضا کارانہ طور پر اپنا پاس ورڈ ظاہر نہیں کرے گا۔

c. Not to negligently or recklessly disclose his/her Personal Identification Number (PIN)/Password.

ج۔ غفلت یا لاپرواہی سے اپنا ذاتی شناختی نمبر (PIN)/ پاس ورڈ کسی پر ظاہر نہیں کرے گا۔

d. To notify the Bank, immediately, if the Customer's Personal Identification Number (PIN)/Password has been lost or has become known to someone else.

د۔ اگر کسٹمر کا ذاتی شناختی نمبر (PIN)/ پاس ورڈ کھو گیا ہے یا کسی اور کو معلوم ہو گیا ہے، تو بینک کو فوری اطلاع دے گا۔

25.4 The instruction given in terms of this mandate shall at all times be legally binding and enforceable against me/us. I/we waive all rights and remedies to challenge or dispute any instruction executed by the Bank in compliance with the terms of this mandate.

25.4 ۔ اس مینڈیٹ میں دی گئی ہدایات ہر وقت میرے/ ہمارے خلاف قانونی طور پر لاگو اور قابل عمل ہوں گی۔ میں/ ہم اس مینڈیٹ کی شرائط کی تعمیل میں بینک کی طرف سے عمل میں لائی جانے والی کسی بھی ہدایت کو چیلنج یا متنازع کرنے کے تمام حقوق اور چارہ جوئیوں سے دستبرداری اختیار کرتا ہوں/ کرتے ہیں۔

25.5 The Bank has the sole discretion to levy fees/charges for any of the various services offered by the Bank and mentioned in its Schedule of Bank Charges.

25.5 ۔ بینک کو اپنی طرف سے پیش کردہ مختلف خدمات میں سے کسی کے لیے فیس/ چارجز لگانے کا مکمل اختیار ہے اور اس کا بینک چارجز کے شیڈول میں ذکر کیا گیا ہے۔

25.6 No warranties of any kind, whether expressed or implied, are made in respect of telephone or keystrokes on the Interactive Voice Response (IVR), Mobile, Internet and Website banking, including in respect of the performance, quality, security, content, information availability, accuracy, safety or reliability of telephone or keystrokes on the Interactive Voice Response (IVR), Mobile, Internet and Website banking.

25.6 ۔ ٹیلیفون یا انٹرایکٹیو وائس رسپانس (IVR)، موبائل، انٹرنیٹ اور ویب سائٹ بینکنگ پر کی اسٹروکس کے حوالے سے کسی قسم کی واضح یا فرضی وارنٹیز نہیں دی جاتیں، جس میں ٹیلیفون یا انٹرایکٹیو وائس رسپانس (IVR)، موبائل، انٹرنیٹ اور ویب سائٹ بینکنگ پر کی اسٹروکس کی کارکردگی، معیار، سیکیورٹی، کانٹینٹ، معلومات کی دستیابی، درستگی، تحفظ، مواد، معلومات کی دستیابی، درستگی، سیفٹی شامل ہیں۔

25.7 The Bank shall not be held responsible if the Interactive Voice Response (IVR), Mobile, Internet and Website banking remains unavailable from time to time due to routine maintenance or emergency repairs or because of the unavailability of any electricity, telecommunication system and networks or any other reason beyond bank's control.

25.7 ۔ اگر انٹرایکٹیو وائس رسپانس (IVR)، موبائل، انٹرنیٹ اور ویب سائٹ بینکنگ وقتاً فوقتاً معمول کی مینٹیننس یا ہنگامی مرمت کی وجہ سے یا کسی بھی بجلی، ٹیلی کمیونیکیشن سسٹم اور نیٹ ورک کی عدم دستیابی کی وجہ سے یا بینک کے کنٹرول سے باہر کی وجہ سے دستیاب نہ رہے تو بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

25.8 The Bank will not be held liable for any loss or damage to the Customer due to any transaction not being carried out or being carried out incorrectly when caused directly or indirectly by failure of equipment, electronics, communication or similar mechanical failures or by misrouting information, industrial dispute or other causes beyond the Bank's control.

25.8 ۔ کسی بھی ٹرانزیکشن کے نہ ہونے یا غلط طریقے سے کیے جانے کی وجہ سے، جو براہ راست یا بالواسطہ طور پر آلات، الیکٹرانکس، مواصلات یا اسی طرح کی مکینیکل خرابی یا معلومات کی غلط روٹنگ، صنعتی تنازعہ یا بینک کے کنٹرول سے باہر دیگر وجوہات کا نتیجہ ہو، کسٹمر کو ہونے والے نقصان کے لیے بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

25.9 The customer hereby permits and authorizes the Bank to use Voice Recording and to record any IVR keystrokes, Mobile keystrokes, Internet Banking and Website keystrokes along with all verbal communications with the Bank's Phone Banking Staff to continue evidence of the instructions communicated by the customer.

25.9 ۔ اس کے ذریعے کسٹمر بینک کو اجازت دیتا ہے اور اختیار دیتا ہے کہ وہ کسٹمر کی طرف پہنچائی گئی ہدایات کے ثبوت کو آگے بڑھانے کے لیے بینک کے فون اسٹاف کے تمام زبانی رابطوں کے ہمراہ وائس ریکارڈنگ استعمال کرے اور کوئی آئی وی آر کی اسٹروکس، موبائل کی اسٹروک س، انٹرنیٹ بینکنگ اور ویب سائٹ کی اسٹروکس ریکارڈ کرے۔

25.10 The Bank may (but shall not be obliged to) record the telephone instructions in writing and/or tape recording and/or other methods, and such record of any instruction shall be conclusive and binding to the customer. The Bank may in addition require the Customer to execute such other documents as may relate to the services or any such instruction given by the Customer, and the customer agrees to execute all such documentations as may be required by Bank in this regard

25.10 ۔ بینک ٹیلی فون کی ہدایات کو تحریری اور/ یا ٹیپ ریکارڈنگ اور/ یا دیگر طریقوں سے ریکارڈ کر سکتا ہے (لیکن اس کا پابند نہیں ہوگا) اور کسی بھی ہدایات کا ایسا ریکارڈ حتمی اور صارف پر لاگو ہوگا۔ بینک اس کے علاوہ کسٹمر سے خدمات سے متعلق ہو یا کسٹمر کی طرف سے دی گئی کسی ایسی ہدایات سے متعلق دوسری دستاویزات پر عمل درآمد کرنے کا تقاضا کر سکتا ہے اور کسٹمر اس طرح کے تمام دستاویزات پر عملدرآمد کا اقرار کرتا ہے جو کہ اس سلسلے میں بینک کو درکار ہوں۔

25.11 The customer acknowledges and accepts that he/she shall have no claim against the Bank on account of the Bank relying on this mandate and any instruction given in terms hereof, and irrevocably agrees to indemnify and keep the Bank safe and secured against any and all direct or consequential losses, cost damages, expenses, claims, litigation or objections of any nature whatsoever arising out of the Bank acting upon this mandate.

25.11 ۔ کسٹمر یہ تسلیم کرتا ہے اور قبول کرتا ہے کہ بینک کی طرف سے اجازت نامے اور ان شرائط میں دی گئی ہدایات پر انحصار پر بینک کے خلاف کوئی دعویٰ نہیں کرے گا/ کرے گی اور ناقابل تنسیخ طور پر بینک کو ایسے کسی بھی اور تمام یا مابعد کسی بھی اور تمام براہ راست خساروں، لاگت کے نقصانات، اخراجات، دعووں، قانونی چارہ جوئی کسی بھی نوعیت کے اعتراضات سے بینک کو محفوظ اور مامون رکھنے کا اقرار کرتا ہے جو اس اجازت نامے پر عمل کرنے سے بینک کو برداشت کرنے پڑے ہوں۔

25.12 The Bank may at any time terminate this mandate by notice in writing to the Individual customer directly or by addressing such notice generally, without assigning any reason thereof. The customer may terminate this mandate by written instructions in original only, and such termination will only become effective on the 7th calendar day following the receipt of such original written instructions. Any banking services instructions or otherwise given by the customer prior to the final termination shall be executed and continue to be held valid and irrevocable.

25.12 ۔ بینک کسی بھی وقت براہ راست انفرادی کسٹمر کو تحریری طور پر نوٹس دے کر یا اس نوٹس کو عام طور پر جاری کر کے، بغیر کوئی وجہ بتائے اس اجازت نامے کو ختم کر سکتا ہے۔ کسٹمر اس اجازت نامے کو صرف اصل تحریری ہدایات کے ذریعے ختم کر سکتا ہے اور ایسا خاتمہ اس طرح کی اصل تحریری ہدایات کی وصولی کے بعد صرف ساتویں دن مؤثر ہو جائے گا۔ کسٹمر کی جانب سے حتمی معطلی سے قبل دی گئی بینکنگ سروس کی یا دیگر ہدایات پر عملدرآمد کیا جائے گا اور اسے درست اور ناقابل تنسیخ سمجھا جائے گا۔

25.13 The customer acknowledges that the issuing of verbal instruction in accordance with this mandate for utilizing any of the services through such verbal telephone instructions, involves inherent risks, including but not limited to Risks associated with fraud and unintended/erroneous instruction which the Bank cannot eliminate. Customer's use of Phone banking or any of the electronic banking services offered by the Bank implies that he/she fully understands the limitations and inherent risks of verbal and keystrokes based instructions for carrying out financial transactions and agrees to the conditions of use in force at the time. The customer hereby absolves the Bank from all responsibility and accepts any risks associated with the execution of instructions in accordance with the mandate.

25.13 ۔ کسٹمر تسلیم کرتا ہے کہ اس اجازت کے مطابق کسی بھی خدمات کو استعمال کرنے کے لیے ٹیلی فون کے ذریعے زبانی ہدایات میں موروثی خطرات شامل ہیں، جن میں بلا حد دھوکا دہی اور غیر ارادی/ غلط ہدایات شامل ہیں، جنہیں بینک ختم نہیں کر سکتا۔ کسٹمر کی طرف سے بینک کی طرف سے پیش کردہ فون بینکنگ یا کسی بھی الیکٹرانک بینکنگ سروسز کے استعمال کا مطلب یہ ہے کہ وہ مالی لین دین کی انجام دہی کے لیے زبانی اور کی اسٹروک پر مبنی ہدایات کی حدود اور موروثی خطرات کو مکمل طور پر سمجھتا ہے اور استعمال میں آنے والی اس وقت لاگو شرائط سے اتفاق کرتا ہے۔ کسٹمر اس طرح بینک کو تمام ذمہ داری سے آزاد کر دیتا ہے اور اجازت نامے کے مطابق ہدایات پر عمل درآمد سے وابستہ کسی بھی خطرے کو قبول کرتا ہے۔

25.14 For availing any service that may from time to time be made capable by the Bank of being availed by the customer through verbal telephonic instructions in accordance with this mandate, the customer will comply with all the requirements and guidelines issued by the bank from time to time, either specifically or generally which will be binding on the customer.

25.14 ۔ اس اجازت نامے کے مطابق زبانی ٹیلی فونک ہدایات کے ذریعے کسٹمر کی جانب سے وقتاً فوقتاً حاصل کی جانے والی کسی بھی سروس کو حاصل کرنے کے لیے، کسٹمر بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً عمومی اور خصوصی طور پر جاری کردہ تمام تقاضوں اور ہدایات کی تعمیل کرے گا جو کسٹمر پر لاگو ہوں گی۔

25.15 The services shall not be available in respect of a joint account, which requires two or more individuals or authorized signatories to jointly give instructions relating to that account(s). However, the services shall be available to joint accountholders, with a single signatory option or the option of "either or survivor".

25.15 ۔ ایسے جوائنٹ اکاؤنٹ کے حوالے سے خدمات دستیاب نہیں ہوں گی، جس میں دو یا دو سے زائد افراد یا مجاز دستخط کرنے والوں کو مشترکہ طور پر اس اکاؤنٹ سے متعلق ہدایات دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم، ایسے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے خدمات دستیاب ہوں گے جہاں واحد دستخط کنندہ "یا "دونوں میں سے کوئی ایک یا بقید حیات" کے آپشن ہوں گے۔

25.16 The customer shall ensure that there are sufficient funds in the customer account(s) for the purpose of implementing any telephone or other instructions like the creation of pay order or duplicate bank statement etc. and the Bank shall not be liable for any consequences arising out of the Bank's failure or delay in implementing such instructions owing to sufficient funds.

25.16 ۔ کسٹمر بذریعہ ٹیلی فون یا دیگر ہدایات، مثلاً پے آرڈر یا ڈپلیکیٹ بینک اسٹیٹمنٹ وغیرہ کی تخلیق پر عمل درآمد کے لیے کہ کسٹمر کے اکاؤنٹ میں کافی فنڈز کی موجودگی یقینی بنائے گا۔ ناکافی فنڈز کی وجہ سے ایسی ہدایات پر بینک کی طرف سے عمل درآمد میں ناکامی یا کسی بھی تاخیر کے نتائج کے لیے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

25.17 In consideration of you (the Bank) agreeing to act on my (the customer's) instructions sent by facsimile and/or by any other means notwithstanding that such message may be unauthenticated by a password control and notwithstanding any provision of the Custody agreement (or whichever of the clause going to be put in) to the contrary, we, on behalf of ourselves and our successors in title and assigns, hereby agree and undertake to indemnify you and keep you fully indemnified against all losses, costs, damages, claims, actions, proceedings, demands and expenses that you may suffer, incur or sustain as a result thereof.

25.17 ۔ آپ (بینک) کی طرف سے میری (کسٹمر کی) فیکس اور/ یا کسی اور ذریعے بھیجی گئی ہدایات پر عمل کرنے کے لیے رضامندی کو مدنظر رکھتے ہوئے، خواہ اس طرح کے پیغام کی پاس ورڈ کنٹرول کے ذریعے تصدیق نہ کی جاسکتی ہے اور کسٹڈی معاہدے کی کسی شق سے قطع نظر (یا اس کے برعکس جو بھی شق رکھی جائے گی)، ہم اپنی طرف سے اور اپنے نامزد جانشینوں کی طرف سے بذریعہ ہٰذا آپ کو بری الذمہ ٹھہرانے اور آپ کو ان تمام خساروں، اخراجات، نقصانات، دعووں، کارروائیوں، مقدموں، تقاضوں اور اخراجات کے خلاف مکمل معاوضہ دینے کا اقرار اور عہد کرتے ہیں اعمال، کارروائیاں، مطالبات اور اخراجات جو آپ کو اس کے نتیجے میں برداشت، خرچ یا جھیلنے پڑے ہوں۔

25.18 The rules and regulations are in addition to and not in substitution of any other agreements, mandates, terms or conditions relating to the customer's account with the Bank and shall apply to any instructions given by the customer in relation to any account of the customer with the Bank.

25.18 ۔ یہ قواعد وضوابط بینک کے ساتھ کسٹمر کے اکاؤنٹ سے متعلق کسی دوسرے معاہدے، اجازت نامے، شرائط یا ضابطے کے علاوہ ہیں اور ان کے متبادل نہیں ہیں اور یہ بینک میں کسٹمر کے کسی بھی اکاؤنٹ کے حوالے سے دی گئی ہدایات پر لاگو ہوں گے۔

25.19 In the consideration of your agreeing to send my account statement as per the frequency required by me/us on my e-mail address, I/We hereby unconditionally agree that all statements sent by you for your above-mentioned accounts shall be accepted and upheld by me/us as correct.

25.19 ۔ میری اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ میرے/ ہمارے ای میل ایڈریس پر مطلوبہ تواتر کے مطابق بھیجنے پر غور کے لیے آپ کی رضامندی پر، میں/ ہم غیر مشروط طور پر اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ مذکورہ بالا اکاؤنٹس کے لیے آپ کی بھیجی گئی تمام اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹس کو میری/ ہماری طرف سے قبول/ درست تسلیم کیا جائے گا۔

25.20 In the event, if the customer is enrolled for issuing eStatement, the Bank will send eStatement as per SBP's BPRD circular No. 02 Dated January 06, 2010, upon receipt of comment from the accountholder(s). In the absence of the customer's consent, the customer will continue to receive the paper-based statement of the account as per the SBP guidelines and regulations in the matter applicable from time to time.

25.20 ۔ اس صورت میں اگر صارف ای اسٹیٹمنٹ جاری کرنے کے لیے اندراج شدہ ہے، بینک اکاؤنٹ ہولڈر (ز) سے رضامندی موصول ہونے پر ایس بی پی کے بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 02 مورخہ 06 جنوری 2010 کے مطابق ای اسٹیٹمنٹ بھیج دے گا۔ کسٹمر کی رضامندی کی غیر موجودگی میں، گاہک وقتاً فوقتاً اس معاملے میں قابل اطلاق اسٹیٹ بینک کے رہنما اصولوں اور قواعد وضوابط کے مطابق دستاویزی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ وصول کرتا رہے گا۔

25.21 In the case of disputed transactions, the customer shall remain responsible to notify the Bank's Phone Banking Service 111-113-442 or visit the Bank's branch within 15 days of the statement date failing which it shall be deemed conclusively that the customer has accepted the eStatement and or paper-based statement to be true, accurate and correct in all respects.

25.21 ۔ متنازع لین دین کی صورت میں، کسٹمر کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسٹیٹمنٹ کی تاریخ کے 15 دن کے اندر بینک کی فون بینکنگ سروس 442-113-111 کو مطلع کرے یا بینک کی کی شاخ کا دورہ کرے۔ بصورت دیگر حتمی طور پر سمجھا جائے گا کہ کسٹمر نے ای اسٹیٹمنٹ اور/ یا دستاویزی اسٹیٹمنٹ کو ہر لحاظ سے سچ، درست اور صحیح تسلیم کرلیا ہے۔

26. STOP PAYMENT INSTRUCTIONS:

26۔ ادائیگی روکنے کی ہدایات:

26.1 The Bank may accept stop payment instruction from the Customer if a cheque is reported lost or stolen, provided the necessary details of the lost/stolen cheque are given by the Customer and the cheque is not already paid before receiving such instruction. Where the Customer verbally gives the stop payment instruction, he/she shall immediately send to the Bank written confirmation by any expeditious means. The Customer agrees to fully indemnify the Bank against any loss, damages, claims, demands, costs and expenses (including legal expenses) arising or incurred as a result of acting on the Customer's stop payment instruction.

26.1 ۔ اگر کوئی چیک گم یا چوری ہونے کی اطلاع ملتی ہے تو بینک کسٹمر سے ادائیگی کی روک تھام کی ہدایات کو قبول کرسکتا ہے، بشرطیکہ کسٹمر گمشدہ/ چوری شدہ چیک کی ضروری تفصیلات فراہم کردے اور اس طرح کی ہدایات موصول ہونے سے پہلے ہی چیک کی ادائیگی نہ کردی گئی ہو۔ جہاں گاہک زبانی طور پر ادائیگی روکنے کی ہدایات دیتا ہے، وہ فوری طور پر بینک کو تحریری تصدیق کسی بھی فوری ذریعہ سے بھیج دے گا/ گی۔ کسٹمر کی ادائیگی کی روک تھام کی ہدایات پر عمل کرنے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے یا ہونے والے کسی بھی خسارے، نقصانات، دعووں، مطالبات، لاگتوں اور اخراجات (بشمول قانونی اخراجات) کے مقابل کسٹمر بینک کو مکمل طور پر معاوضہ دینے کا اقرار کرتا ہے۔

26.2 The Bank will record the instructions from the customer to stop payment on cheques but can not accept any responsibility in case such instructions have not been properly communicated to the Bank.

26.2 ۔ بینک کسٹمر کی طرف سے چیک پر ادائیگی روکنے کی ہدایات ریکارڈ کرے گا لیکن اس طرح کی ہدایات بینک کو صحیح طریقے سے نہ پہنچانے کی صورت میں بینک کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرسکتا۔

27. CUSTOMER'S COVENANTS, WARRANTIES & REPRESENTATIONS:

27۔ کسٹمر کے معاہدے، ضمانتیں اور نیابتیں:

27.1 The Customer hereby confirms, represents and warrants that:

27.1 ۔ کسٹمر بذریعہ ہذا تصدیق اور نیابت کرتا اور ضمانت دیتا ہے کہ:

i. The Bank, as it acts in compliance with the instructions, shall have no further duty to verify the identity of the person issuing the instructions. Provided, however, that the Bank, at its sole discretion, shall have the right to refuse at any time the execution of any instruction.

(i) ۔ ہدایات جاری کرنے والے شخص کی شناخت کی تصدیق بینک کی مزید ذمہ داری نہیں ہوگی، جیسا کہ بینک ہدایات کی تعمیل میں کام کرتا ہے۔ تاہم، بینک، اپنی تنہا صوابدید پر، کسی بھی وقت کسی بھی ہدایات پر عمل درآمد سے انکار کا حق رکھتا ہے۔

ii. The customer shall be bound by any/all instructions issued by the customer or purporting on their face to have been issued by the customer and accepted by the Bank.

(ii) ۔ کسٹمر، اپنی طرف سے جاری کردہ یا بظاہر کسٹمر کی طرف سے جاری کردہ اور بینک کی طرف سے قبول کردہ کسی بھی/ تمام ہدایات کا پابند ہوگا۔

iii. The customer shall at all times maintain clear and sufficient funds in the Account in order for the bank to put into effect the instructions or effect transfer or withdrawal of funds. The bank is under no obligation to honor any instruction unless there are sufficient funds in the account.

(iii) ۔ کسٹمر ہر وقت اکاؤنٹ میں کلیئر اور کافی فنڈز رکھے گا تاکہ بینک ہدایات کو عملی جامہ پہنائے یا فنڈز کی منتقلی یا رقم نکالنے کو مؤثر بنائے۔ جب تک کہ اکاؤنٹ میں کافی فنڈز نہ ہوں، بینک کسی بھی ہدایات کی تعمیل کا پابند نہیں ہے۔

iv. The bank is entitled to levy any charge on the services in accordance with the schedule of charges applicable from time to time.

(iv) ۔ بینک خدمات پر وقتاً فوقتاً لاگو ہونے والے چارجز کے شیڈول کے مطابق کوئی بھی چارج لگانے کا حقدار ہے۔

v. Instructions shall be deemed irrevocable and binding on the customer upon transmission by the customer.

(v) ۔ ہدایات کو ناقابل تنسیخ سمجھا جائے گا اور کسٹمر کی طرف سے ترسیل ہونے پر کسٹمر ان کا پابند ہوگا۔

vi. The Bank reserves the right without prior notice to cancel or decline to execute any instruction without assigning any reason.

(vi) ۔ بینک بغیر کوئی وجہ بتائے، پیشگی اطلاع کے بغیر کسی ہدایات پر عملدرآمد کو منسوخ کرنے یا رد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

vii. The Bank reserves the right to accept and act upon the instructions notwithstanding that such instruction may conflict with any other mandate or instruction given by the customer to the Bank.

(vii) ۔ بینک ہدایات کو قبول کرنے اور ان پر عمل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اس کے باوجود کہ ایسی ہدایات کسی دوسرے اجازت نامے یا کسٹمر کی طرف سے دی گئی ہدایات سے متصادم ہوسکتی ہیں۔

27.2 The customer may use an ATM card for availing of ATM Services and Telephone Banking Services.

27.2 ۔ کسٹمر اے ٹی ایم سروسز اور ٹیلی فون بینکنگ سروسز حاصل کرنے کے لیے اے ٹی ایم کارڈ استعمال کرسکتا ہے۔

27.3 The transactions in respect of the ATM services shall be governed by the ATM terms and conditions.

27.3 ۔ اے ٹی ایم سروسز کے حوالے سے لین دین، اے ٹی ایم کی شرائط وضوابط کے تحت کیا جائے گا۔

27.4 The ATM services shall be availed to the ATM Debit Card Holder by the utilization of the PIN in the manner prescribed for any transaction.

27.4 ۔ اے ٹی ایم ڈیبٹ کارڈ ہولڈر کسی لین دین کے لیے مقررہ طریقے سے پن کے استعمال کے ذریعے اے ٹی ایم سروسز سے استفادہ کرے گا۔

28. TELEPHONE BANKING SERVICES:

28۔ ٹیلی فون بینکنگ سروسز:

28.1 The terms and conditions mentioned herein shall also apply to all transactions, authorizations, mandates and instructions via telephone banking using TPIN.

28.1 ۔ یہاں بیان کردہ شرائط وضوابط ٹی پن کے استعمال سے ٹیلی فون بینکنگ کے ذریعے انجام دی گئی تمام ٹرانزیکشنز، اختیارات، اجازت ناموں اور ہدایات پر بھی لاگو ہوں گی۔

28.2 The Customer acknowledges that the Telephone Banking services that may be provided by the Bank at its discretion involve inherent risks including but not limited to risks involving fraud and unintended/erroneous instructions, which the Bank cannot be responsible for or eliminate. The customer hereby exempts the Bank of all responsibilities and accepts any and all risks associated with the use of the Telephone banking Services. The Customer hereby agrees to indemnify the Bank against any losses, damages, costs (including legal costs) or demands incurred by the Bank as a result or in connection with the use of the Telephone Banking Services.

28.2 ۔ کسٹمر اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ ٹیلی فون بینکنگ کی خدمات جو بینک اپنی صوابدید پر فراہم کرسکتا ہے، اس میں موروثی خطرات موجود ہیں جن میں بلا حد دھوکہ دہی اور غیر ارادی/ غلط ہدایات کے خطرات شامل ہیں، جس کے لیے یا انہیں ختم کرنے کے لیے بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔ کسٹمر بذریعہ ہٰذا بینک کو تمام ذمہ داریوں سے مستثنیٰ رکھتا ہے اور ٹیلی فون بینکنگ سروسز کے استعمال سے وابستہ کسی بھی اور تمام خطرات کو قبول کرتا ہے۔ کسٹمر بذریعہ ہٰذا بینک کو کسی بھی خسارے، نقصانات، اخراجات (بشمول قانونی اخراجات) یا اس کے نتیجے میں بینک کی طرف سے کئے گئے مطالبات یا ٹیلی فون بینکنگ سروسز کے استعمال کے سلسلے میں معاوضہ دینے سے اتفاق کرتا ہے۔

28.3 In the case of Joint accounts, telephone Banking Services may be availed only if either or survivors have been authorized to operate the Joint account.

28.3 ۔ جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں ٹیلی فون بینکنگ سروسز صرف اس صورت میں حاصل کی جاسکتی ہیں جب دونوں میں سے کسی ایک یا باقی ماندہ فرد کو جوائنٹ اکاؤنٹ چلانے کا اختیار دیا گیا ہو۔

28.4 For availing the Telephone Banking Services from time to time by the Bank through the Call Centre, the Customer shall comply with all the guidelines and requirements of the Bank in relation to the use of such services by the customer.

28.4 ۔ کال سینٹر کے ذریعے بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً ٹیلی فون بینکنگ سروسز حاصل کرنے کے لیے کسٹمر اس طرح کی خدمات کے استعمال کے سلسلے میں بینک کی تمام ہدایات اور تقاضوں کو پورا کرے گا۔

29. AMENDMENTS:

29۔ ترامیم:

29.1 The Bank may, from time-to-time, add a new condition or revise and/or change any of these terms and conditions including without limitation, the charges leviable in respect of the services. Such changes shall be effective from the date specified by the bank for modification. Such changes will either be notified through advance notice by mail or by affixing a notice to that effect for 30 days at a conspicuous place within the premises of the Bank's concerned branch. The amendments shall also be made available at the website of the Bank at **www.albaraka.com.pk**

29.1 ۔ بینک وقتاً فوقتاً نئی شرائط شامل کرسکتا ہے یا ان شرائط وضوابط میں سے کسی پر نظر ثانی اور/ یا تبدیلی کرسکتا ہے جس میں بلا کسی حد، خدمات کے حوالے سے قابل وصول چارجز شامل ہیں۔ اس طرح کی تبدیلیاں ترمیم کے لیے بینک کی طرف سے متعین کردہ تاریخ سے مؤثر ہوں گی۔ اس طرح کی تبدیلیوں سے یا تو ڈاک کے ذریعے ایڈوانس نوٹس یا بینک کی متعلقہ برانچ کے احاطے کے اندر کسی نمایاں جگہ پر 30 دن کے لیے اس نوٹس کو چسپاں کر کے مطلع کیا جائے گا۔ یہ ترامیم بینک کی ویب سائٹ www.albaraka.com.pk پر بھی دستیاب ہوں گی۔

30. DORMANT ACCOUNT:

30۔ منجمد اکاؤنٹ:

30.1 As per the Bank's policy, the account (saving/current) in which no customer-initiated transaction (debit or credit) or activity (e.g. login through digital channels) has taken place during the preceding one year will be classified as a dormant and no withdrawal will be allowed until the account is reactivated.

30.1 ۔ بینک کی پالیسی کے مطابق، وہ اکاؤنٹ (سیونگ/کرنٹ) جس میں گزشتہ ایک سال کے دوران صارف کی طرف سے کوئی لین دین (ڈیبٹ یا کریڈٹ) یا سرگرمی (مثال کے طور پر ڈیجیٹل چینلز کے ذریعہ لاگ ان) نہیں ہوئی، اس کی درجہ بندی معطل اکاؤنٹ کے طور پر کی جائے گی اور اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال کرنے تک رقم نکالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

30.2 The Bank reserves the right to restrict/block debit transaction(s) in the customer account while the account remains dormant/inactive. However, debits under the recovery of loans and profit/rent, etc., any permissible Bank charges, Government duties or levies and instructions issued under any law or from the court will not be subject to debit or withdrawal restrictions.

30.2 ۔ اکاؤنٹ جب تک منجمد/ غیر فعال رہتا ہے، بینک کسٹمر کے اکاؤنٹ میں ڈیبٹ ٹرانزیکشن کو محدود/ بلاک کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ تاہم، قرضوں اور منافع/ کرایہ وغیرہ، کسی بھی قابل اجازت بینک چارجز کے تحت ڈیبٹس، حکومتی ڈیوٹیز یا لیویز اور کسی بھی قانون کے تحت یا عدالت کی طرف سے جاری کردہ ہدایات ڈیبٹ یا رقم نکالنے پر پابندیوں سے مشروط نہیں ہوں گی۔

30.3 For reactivation of dormant/inactive account, the Customer/accountholder must submit a written request in person for change of status to their concerned branch. Customer/accountholder must produce original identification document (SNIC/CNIC/Passport/Pakistan Origin Card (POC)/National Identity Card for Overseas Pakistani (NICOP) along with its copy for Bank attestation and record keeping. The account will be reactivated after verification as per Bank's policy.

30.3 ۔ منجمد/ غیر فعال اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے، کسٹمر/ اکاؤنٹ ہولڈر کو اپنی متعلقہ برانچ میں اسٹیٹس کی تبدیلی کے لیے ذاتی طور پر تحریری درخواست جمع کرانی ہوگی۔ کسٹمر/ اکاؤنٹ ہولڈر کو بینک کی پالیسی کے مطابق اصل شناختی دستاویز (CNIC/SNIC/ پاسپورٹ/ پاکستان اوریجن کارڈ (POC)/ قومی شناختی کارڈ برائے بیرون ملک مقیم پاکستانی (NICOP)، اس کی کاپی کے ہمراہ بینک کی تصدیق اور ریکارڈ کیپنگ کے لیے پیش کرنی ہوگی۔ بینک کی پالیسی کے مطابق تصدیق کے بعد اکاؤنٹ دوبارہ فعال کردیا جائے گا۔

31. UNCLAIMED DEPOSITS/INSTRUMENTS:

31۔ لادعویٰ ڈپازٹس/ دستاویزات:

31.1 If the instrument remains outstanding for ten years from the date of issuance and no transaction has taken place in the Current/Saving/Term Deposit account during the last ten years, the deposit in the account will be considered as unclaimed and will be surrendered by the Bank to the State Bank of Pakistan as required by the Banking Companies Ordinance 1962.

31.1۔ اگر ادائیگی کی کوئی دستاویز جاری ہونے کی تاریخ سے دس سال تک واجب الادا رہتا ہے اور گزشتہ دس سالوں کے دوران کرنٹ/ سیونگ/ ٹرم ڈپازٹ اکاؤنٹ میں کوئی لین دین نہیں ہوا ہے، تو اکاؤنٹ میں جمع شدہ رقم کو لادعویٰ سمجھا جائے گا اور اسے بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 کے تقاضوں کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کردیا جائے گا۔

32. BASIC BANKING ACCOUNT:

32۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹ:

32.1 The Basic Banking Accounts (BBA) is subject to the following Terms and Conditions. The minimum initial deposit for opening Basic Banking Account will be Rs. 1000/-.

32.1 ۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹس (بی بی اے) مندرجہ ذیل شرائط وضوابط سے مشروط ہیں۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے کم از کم ابتدائی ڈپازٹ -/1000 روپے ہوگا۔

32.2 The Basic Banking Account shall be a non-remunerative account, i.e., no profit will be paid on the deposit in Basic Banking Account.

32.2 ۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹ غیر منافع بخش اکاؤنٹ ہوگا یعنی بیسک بینکنگ اکاؤنٹ میں ڈپازٹ پر کوئی منافع نہیں دیا جائے گا۔

32.3 There will be no minimum balance limit for a Basic Banking Account. However. If the balance in a Basic Banking Account remains "NIL" for a continuous period of six months, the bank, at its discretion, has the option to close such accounts with or without prior notice to the customer.

32.3 ۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹ کے لیے کم از کم بیلنس کی کوئی حد نہیں ہوگی۔ البتہ اگر کسی بیسک بینکنگ اکاؤنٹ میں بیلنس چھ ماہ کی مسلسل مدت کے لیے "صفر" رہتا ہے تو، بینک کو اپنی صوابدید میں یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ایسے اکاؤنٹس کو کسٹمر کو پیشگی اطلاع کے ساتھ یا اس کے بغیر بند کردے۔

32.4 No fee will be charged for maintaining a Basic Banking Account.

32.4 ۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹ کو برقرار رکھنے کے لیے کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔

32.5 A maximum of two deposits and two withdrawals per month are allowed free of charge as per policy in force. However, any transaction in calendar month over those mentioned above will be charged a flat fee as per the prevailing Schedule of Bank Charges.

32.5 ۔ نافذ کردہ پالیسی کے مطابق ہر ماہ زیادہ سے زیادہ دو مرتبہ ڈپازٹس اور دو مرتبہ رقم نکالنے کی مفت اجازت ہے۔ تاہم، کسی کیلنڈر مہینے میں مذکورہ بالا تعداد سے زیادہ کسی بھی لین دین پر بینک چارجز کے موجودہ شیڈول کے مطابق فلیٹ فیس وصول کی جائے گی۔

32.6 Basic Banking Accountholders are allowed, free of Charge, withdrawals made from other Bank ATMs will be subject to applicable charges as per the prevailing Schedule of Charges.

32.6 ۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹ ہولڈرز کو بینک کے اے ٹی ایم سے بلا معاوضہ رقم نکالنے کی اجازت ہے، تاہم کسی دوسرے بینک کے اے ٹی ایم سے رقم نکالنے پر موجودہ شیڈول کے مطابق قابل اطلاق چارجز لاگو ہوں گے۔

32.7 Statement of Account for Basic banking Accounts will be dispatched once a year.

32.7 ۔ بیسک بینکنگ اکاؤنٹس کے لیے اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ سال میں ایک بار بھیجی جائے گی۔

33. GENERAL TERMS:

33۔ عمومی شرائط:

33.1 The Bank may, at its discretion, disallow/restrict operations in my/our account in case of non-fulfillment of any account opening formality (ies)/requirement(s).

33.1 ۔ بینک، اپنی صوابدید پر، اکاؤنٹ کھولنے کی کسی رسمی کارروائی (کارروائیوں)/ تقاضوں کو پورا نہ کرنے کی صورت میں میرے/ ہمارے اکاؤنٹ میں کسی بھی آپریشن کو منسوخ/ محدود کر سکتا ہے۔

33.2 The Bank shall have the right to refuse to open any other account or close an existing account in my /our name, without assigning any reason.

33.2 ۔ بینک کوئی بھی وجہ بتائے بغیر، میرے/ ہمارے نام پر کوئی دوسرا اکاؤنٹ کھولنے سے انکار یا موجودہ اکاؤنٹ بند کرنے کا حق رکھتا ہے۔

33.3 The Bank is authorized by me/us to respond, at its discretion, to any or all enquires received from any other banks or authorized government and law enforcement agencies concerning my/our accounts, without reference to me/us.

33.3 ۔ میرے/ ہمارے اکاؤنٹس کے بارے میں مجاز حکومتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی میرے/ ہمارے اکاؤنٹس سے متعلق کسی بھی یا تمام انکوائریوں کا میرے/ ہمارے حوالوں کے بغیر جواب دینے کا اختیار میرے/ ہمارے بینک کو دیا گیا ہے۔

33.4 In general, all the services/facilities provided by the Bank shall be subject to the Bank's currently applicable Schedule of Charges and as amended from time to time.

33.4 ۔ عام طور پر بینک کی طرف سے فراہم کی جانے والی تمام خدمات/سہولیات بینک کے موجودہ قابل اطلاق شیڈول کے تابع ہوں گی اور وقتاً فوقتاً اس میں ترمیم کی جائے گی۔

33.5 Interpretation of terms and conditions mentioned herein will be considered final and binding, however, in case of any dispute, the matter would be referred to SBP & the decision of SBP will be final and binding in that case.

33.5 ۔ یہاں بیان کردہ شرائط وضوابط کی تشریح حتمی اور لاگو سمجھی جائے گی، تاہم، کسی بھی تنازعہ کی صورت میں، معاملہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو بھیجا جائے گا اور اس صورت میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا فیصلہ حتمی اور لاگو ہوگا۔

33.6 Illiterate Customers will not be liable for cuttings and alterations on cheques unless duly authenticated.

33.6 ۔ ناخواندہ گاہک چیک پر کٹنگ اور تبدیلی کے لیے جواب دہ نہیں ہوں گے، جب تک کہ اس کی صحیح تصدیق نہ ہو جائے۔

33.7 I/We, to the extent that I/We or my/our accounts are subject to such requirements in the opinion of the Bank, hereby irrevocably agree and authorize the Bank to share/divulge my/our account related information with/to the internal Revenue Service of USA/U.S. Government or any external authority as and when required to do so or deemed appropriate/necessary by the management of the Bank and any such information shall be deemed to have been provided on my/our behalf under my/our express instructions and at our complete risk and responsibility without the Bank being held directly or indirectly liable for any consequences resulting from such sharing/divulging of information.

33.7 ۔ میں/ ہم، اس حد تک کہ میں/ ہم یا میرے/ ہمارے اکاؤنٹ بینک کی رائے میں اس طرح کے تقاضوں کے تابع ہیں، بذریعہ ہذا نا قابل تنسیخ طور پر متفق ہوں/ ہیں اور بینک کو اجازت دیتے ہیں کہ جب بھی ایسا کرنے کی ضرورت ہو یا بینک کی مینجمنٹ مناسب/ ضروری سمجھے، میرے/ ہمارے اکاؤنٹ سے متعلقہ معلومات کو USA/U.S حکومت کی انٹرنل ریونیو سروس یا کسی ایکسٹرنل اتھارٹی کے ساتھ/ شیئر کرے اور ایسی کوئی بھی معلومات میری/ ہماری طرف سے میری/ ہماری واضح ہدایات کے تحت اور ہمارے مکمل رسک پر فراہم کردہ سمجھی جائے گی اور بینک کو ان معلومات کے اشتراک/ انکشاف کے نتیجے میں رونما والے کسی بھی نتائج کے لیے براہ راست یا بالواسطہ طور پر ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

33.8 In addition, I/We shall inform the bank on a timely basis in case of any change in my/our contact details, including but not limited to address, telephone number, etc. I/We shall also communicate to the Bank upon any change in the Status of my citizenship/permanent residence.

33.8 ۔ اس کے علاوہ، میں/ ہم اپنے/ ہمارے رابطے کی تفصیل، بشمول بلا حد ایڈریس، ٹیلی فون نمبر وغیرہ میں کسی تبدیلی کی صورت میں بروقت بنیاد پر بینک کو مطلع کریں گے۔ میں/ ہم، میری/ ہماری شہریت/ مستقل رہائش کی حیثیت میں کسی بھی تبدیلی پر بھی بینک سے رابطہ کریں گے۔

33.9 I/We further consent to the withholding or deduction by the Bank from any payment to me/us, or to or from my/our account, which the Bank reasonably determines is required to be collected or paid in respect of the above.

33.9 ۔ میں/ ہم بینک کی طرف سے میرے/ ہمارے اکاؤنٹ سے کسی بھی ادائیگی کو روکنے یا کٹوتی کی مزید رضامندی دیتے ہیں جو بینک معقول طور پر طے کرتا ہے کہ مذکورہ بالا کے حوالے سے وصول کرنا یا ادا کرنا ضروری ہے۔

34. MISCELLANEOUS:

34۔ متفرق:

34.1 GOVERNING LAW: These terms and conditions shall be governed and be subject to the laws of Pakistan, including all notifications, directives, circulars and regulations of the State Bank of Pakistan and/or Provincial or Federal Government or any other local authority or body("laws), and shall be deemed to be modified in compliance with the Laws.

34.1 ۔ لاگو قانون: یہ شرائط وضوابط پاکستان کے قوانین کے تابع اور مشروط ہوں گے جن اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور/ یا صوبائی یا وفاقی حکومت یا کسی اور مقامی اتھارٹی یا ادارے (قوانین) کے تمام نوٹیفکیشنز، ہدایات، سرکلرز اور ریگولیشن شامل ہیں اور انہیں قوانین کی تعمیل میں ترمیم شدہ سمجھا جائے گا۔

34.2. Any change in the address/phone/e-mail or constitution of the Account holder/Depositor should be immediately communicated in writing to the Bank. The post office and other agents for delivery shall be considered agents of the Account holder(s)/Depositor(s) for delivery of letters, remittances etc. No responsibility shall be accepted by the Bank for any delay, non-delivery, etc, in case of the incorrect/irrelevant address.

34.2 ۔ اکاؤنٹ ہولڈر/ ڈپازٹر کے پتے، فون، ای میل یا ساخت میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر بینک کو تحریری طور پر مطلع کیا جانا چاہیے۔ پوسٹ آفس اور دیگر ذرائع کو خطوط، ترسیلات زر وغیرہ کی ترسیل کے لئے اکاؤنٹ ہولڈر (وں)/ ڈپازٹر (ز) کا ایجنٹ سمجھا جائے گا۔ غلط/ غیر متعلقہ پتے کی صورت میں کسی بھی تاخیر، عدم ترسیل وغیرہ کے لئے بینک کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

34.3. Account may be transferred from one branch to another branch, free of charge without affecting the profit accruing positions of the amount as the concerning accumulated products of credit balances in such accounts for unaccounted period would also be transferred to the receiving branch along with the credit balance on the date of transfer. The Bank may, at any time, change the location of any of its branches and inform the account holders accordingly.

34.3 ۔ اکاؤنٹ کو ایک برانچ سے دوسری برانچ میں رقم کے منافع حاصل کرنے کی پوزیشن کو متاثر کیے بغیر بلا معاوضہ منتقل کیا جا سکتا ہے کیونکہ ایسے اکاؤنٹس میں غیر حساب شدہ مدت کے لئے کریڈٹ بیلنس کے متعلقہ جمع شدہ لوازمات بھی منتقلی کی تاریخ پر کریڈٹ بیلنس کے ساتھ ہی وصول کنندہ برانچ کو منتقل کر دیئے جاتے ہیں۔ بینک کسی بھی وقت اپنی کسی بھی برانچ کا مقام تبدیل کر سکتا ہے اور اس سے اکاؤنٹ ہولڈرز کو مطلع کر سکتا ہے۔

34.4. Deposits/withdrawals in respect of the account may be allowed at any of the Bank's branches in Pakistan subject to production of Customer's identification acceptable to the Bank and payment of charges levied by the Bank.

34.4 ۔ پاکستان میں بینک کی کسی بھی برانچ میں اکاؤنٹ سے ڈپازٹس/ رقم نکلوانے کی اجازت دی جا سکتی ہے بشرطیکہ صارف بینک کے لیے قابل قبول شناخت پیش کرے اور بینک کی جانب سے عائد چارجز کی ادائیگی کی جائے۔

34.5. In case of a default pertaining to any banking facility provided to the account holder(s)/customer(s), the account holder(s)/customer(s) agrees and acknowledges that the Bank shall have a right to block all debit transactions on such account of the account holder(s), customer(s), irrespective of the nature of the account (either single or joint or to be operated by either or survivor).

34.5 ۔ اکاؤنٹ ہولڈر/ کسٹمر کو فراہم کی جانے والی کسی بھی بینکنگ سہولت سے متعلق ڈیفالٹ کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر/ کسٹمر اس بات سے اتفاق کرتا ہے اور تسلیم کرتا ہے کہ بینک کو اکاؤنٹ ہولڈر (ز)/ کسٹمر (ز) کے اکاؤنٹس میں تمام ڈیبٹ ٹرانزیکشنز کو بلاک کرنے کا حق حاصل ہوگا، قطع نظر اس کے کہ اکاؤنٹ کی نوعیت کچھ بھی ہو (سنگل ہو یا جوائنٹ یا کسی ایک یا وارث (سروائیور) کے ذریعے آپریٹ کیا جائے)۔

34.6. The rate of any profit payable on deposits and Bank's charges may be displayed by the bank at its branches which may be subject to change from time to time.

34.6 ۔ ڈپازٹس پر ادا کیے جانے والے منافع کی شرح اور بینک کے چارجز بینک کی طرف سے اپنی برانچوں میں ظاہر کیے جا سکتے ہیں، جو وقتاً فوقتاً تبدیل ہو سکتے ہیں۔

34.7 Where the Customer requires the Bank to send the Statement of Account or any other document to him/her by e-mail, he/she assumes full responsibility in respect thereof and the Bank shall not be responsible or liable if it is accessed, forged or corrupted by any third party or unauthorized person or garbled during transmission.

34.7 ۔ جہاں کسٹمر بینک سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ یا کوئی اور دستاویز اسے ای میل کے ذریعے بھیجے تو کسٹمر اس سلسلے میں مکمل ذمہ داری قبول کرتا ہے اور اگر کسی تیسرے فریق یا غیر مجاز شخص کی اس تک رسائی، جعلسازی یا بدعنوانی یا ترسیل کے دوران تحریف ہوتی ہے تو بینک اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

34.8. The account holder/depositor shall not have any recourse against the head office or any branch of the Bank outside Pakistan in respect of the payment of any deposits, account balances or profit thereupon maintained or/and accruing with the Bank in Pakistan. Any such rights of recourse are expressly waived.

34.8 ۔ اکاؤنٹ ہولڈر/ ڈپازٹر اندرون ملک بینک کے پاس کسی بھی ڈپازٹ، اکاؤنٹ بیلنس یا منافع کی ادائیگی کے حوالے سے پاکستان سے باہر بینک کے ہیڈ آفس یا کسی بھی برانچ کے خلاف کوئی چارہ جوئی نہیں کر سکے گا۔ اس طرح کے کسی بھی حق کو واضح طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔

34.9. To safeguard Bank's interest, the Bank may at its discretion and for any other purpose as per the law of the land in force, debit collection or share any information, details or the data relating to the customer's transactions with any competent authority or agency.

34.9 ۔ بینک کے مفادات کے تحفظ کے لئے بینک اپنی صوابدید پر اور ملک کے نافذ العمل قانون کے مطابق کسی دوسرے مقصد کے لئے کسٹمر کے لین دین سے متعلق کوئی بھی معلومات، تفصیلات یا ڈیٹا کسی مجاز اتھارٹی یا ایجنسی کو فراہم کرسکتا ہے۔

34.10. In case a deposit matures on a public or Bank holiday, then the Bank shall pay the deposit and/or the return/profit thereon the next working day when the Bank is open for ordinary banking business.

34.10 ۔ اگر کوئی ڈپازٹ سرکاری یا بینک تعطیل کے دن میچور ہوجاتا ہے تو بینک اگلے کام والے دن (ورکنگ ڈے) ڈپازٹ اور/ یا اس پر ریٹرن/ منافع کی ادائیگی کرے گا، جب بینک عام بینکاری کاروبار کے لئے کھلے گا۔

34.11. The Bank in pursuit to comply with laws and regulations may intercept and investigate any payment messages and other information or communications sent to or by the account holder or on the account holder's behalf via other Bank. This process may involve making future enquiries.

34.11 ۔ بینک قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرنے کی کوشش میں اکاؤنٹ ہولڈر کو یا اس کی جانب سے، کسی دوسرے بینک کے ذریعے ادائیگی کے لیے کسی بھی پیغام اور دیگر معلومات یا رابطہ کاری کو روک سکتا ہے اور اس کی تحقیقات کرسکتا ہے۔ اس عمل میں مستقبل کی پوچھ گچھ بھی شامل ہوسکتی ہے۔

34.12. The Customer hereby authorizes the Bank to verify the genuineness of Customer's CNIC through NADRA's CNIC verification services.

34.12 ۔ بذریعہ ہذا کسٹمر بینک کو ''نادرا'' کی شناختی کارڈ کی تصدیقی سہولیات کے ذریعے کسٹمر کے شناختی کارڈ کے اصلی ہونے کی تصدیق کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

34.13. The Customer undertakes to abide by all applicable laws, rules and regulations in order to prevent money laundering.

34.13 ۔ کسٹمر منی لانڈرنگ کی روک تھام کے لئے تمام قابل اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کی پابندی کرنے کا عہد کرتا ہے۔

34.14. Opening of photo accounts is subject to provision of proper identification duly supported by two attested passport size photographs besides taking customer's thumb impression on the SS card. Photo account cannot be operated unless the customer comes to the Bank and puts his/her thumb impression on the cheque in the presence of Bank Officer.

34.14 ۔ فوٹو اکاؤنٹ کھولنا، ایس ایس کارڈ پر کسٹمر کے انگوٹھے کا نشان لینے کے علاوہ دو تصدیق شدہ پاسپورٹ سائز کی تصاویر کے ذریعے شناخت کی موزوں فراہمی سے مشروط ہے۔ فوٹو اکاؤنٹ اس وقت تک آپریٹ نہیں کیا جاسکتا، جب تک کہ کسٹمر بینک میں نہ آئے اور بینک افسر کی موجودگی میں چیک پر اپنے انگوٹھے کا نشان نہ لگائے۔

34.15. Any Overdraft facility approved by the Bank in the account may be disallowed/withdrawn/cancelled by the Bank If the account in the opinion of the Bank is not satisfactorily maintained by the Customer or the Customer fails to perform his/her obligations.

34.15 ۔ اگر بینک کی رائے میں کسٹمر کی طرف سے اکاؤنٹ کو اطمینان بخش طریقے سے نہیں چلایا جاتا یا کسٹمر اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو اکاؤنٹ میں بینک کی طرف سے منظور کردہ اوورڈرافٹ کی کسی بھی سہولت کو بینک کی طرف سے مسترد/ واپس یا منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

34.16. The Customer acknowledges that the Bank is subject to the laws and regulations of Pakistan and internal policy of the Bank. The Customer hereby authorises the Bank to transmit, respond or provide any information pertaining to the Customer, the account(s), the services and transactions relating to the account(s), in its sole discretion and without any reference to the Customer, to any enquiry received from any other bank(s) or any other competent authority or Government agencies under any applicable law, pursuant to a court order and/or to protect the interest of the Bank and its employees concerning the Customer/account/services/transactions including the balances. The Customer further authorizes the Bank to provide, without any reference to the Customer, any information about him/her and/or his/her account/dealings with the Bank, to State Bank of Pakistan or any credit rating or data collection agency under any arrangements between the member banks of the rating or data collection agency. The Bank is fully indemnified by Customer against any costs, damages or penalties arising therefrom.

34.16 ۔ کسٹمر تسلیم کرتا ہے کہ بینک پاکستان کے قوانین وضوابط اور بینک کی داخلی پالیسی کے تابع ہے۔ بذریعہ ہذا کسٹمر بینک کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ کسی بھی قابل اطلاق قانون کے تحت کسی بھی دوسرے بینک یا کسی دوسری مجاز اتھارٹی یا سرکاری ایجنسیوں سے موصول ہونے والی کسی بھی انکوائری پر اپنی صوابدید پر اور کسٹمر کے حوالے کے بغیر کسٹمر، اکاؤنٹ، اکاؤنٹس سے متعلق خدمات اور لین دین کے بارے میں کسی بھی معلومات کو عدالت کے حکم کے مطابق اور/ یا بینک اور اس کے ملازمین کے مفادات کے تحفظ کے لئے، صارف/ اکاؤنٹ/ خدمات/ لین دین بشمول بیلنس کے بارے میں معلومات منتقل، ارسال یا فراہم کرے۔ کسٹمر بینک کو یہ اختیار بھی دیتا ہے کہ وہ ریٹنگ یا ڈیٹا جمع کرنے والی ایجنسی کے ممبر بینکوں کے درمیان کسی بھی انتظام کے تحت بینک کے ساتھ اس کے اور اس کے اکاؤنٹ/ لین دین کے بارے میں کوئی بھی معلومات اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا کسی کریڈٹ ریٹنگ یا ڈیٹا کلیکشن ایجنسی کو فراہم کرسکتا ہے۔ کسٹمر اپنی وجہ سے ہونے والے کسی بھی اخراجات، نقصانات یا جرمانے پر بینک کو پورا ہرجانہ ادا کرے گا۔

34.17. These Terms and Conditions may be revised or modified by the Bank from time to time and shall be subject to the laws of the Islamic Republic of Pakistan, including all notifications, directives, circulars and regulations of the State Bank of Pakistan. The revised or modified terms will become effective upon 30 days of advance notice given to the Customer. Such notice shall be deemed to have been given If displayed at the counters of the Bank or posted on its website.

34.17 ۔ ان شرائط وضوابط پر بینک وقتاً فوقتاً نظر ثانی یا ترمیم کرسکتا ہے اور یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے تابع ہوں گی، جن میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تمام نوٹیفکیشنز، ہدایات، سرکلرز اور ریگولیشنز شامل ہیں۔ نظر ثانی شدہ یا ترمیم شدہ شرائط کسٹمر کو دیئے گئے پیشگی نوٹس کے 30 دن مکمل ہونے پر نافذ العمل ہوں گی۔ اگر بینک کے کاؤنٹرز پر تشہیر کی گئی ہو یا اس کی ویب سائٹ پر پوسٹ کردیا گیا ہو تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس طرح کا نوٹس دیا جاچکا ہے۔

34.18. The Bank shall have the right to block Customer's Account in special circumstances without any reference to the Customer.

34.18 ۔ بینک کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ خاص حالات میں کسٹمر کے اکاؤنٹ کو اس کے متعلق کسی حوالے کے بغیر بلاک کرسکتا ہے۔

34.19. The Customer acknowledges by signing/impressing thumb impression on the Account Opening Form that he/she has read or the same has been read out to him/her and understood and agrees to be bound by these Terms and Conditions. Interpretation of these Terms and Conditions shall be final and binding. However, in case of any dispute, the matter will be referred to the SBP and the decision of the SBP will be final and binding.

34.19 ۔ کسٹمر اکاؤنٹ کھولنے کے فارم پر دستخط کرکے/ انگوٹھے کا نشان لگا کر تسلیم کرتا/ کرتی ہے کہ اس نے تمام شرائط وضوابط پڑھ لی ہیں یا وہ اسے پڑھ کر سنادی گئی ہیں اور وہ ان شرائط وضوابط کو سمجھ کر ان کی پابندی کرنے سے اتفاق کرتا/ کرتی ہے۔ ان شرائط وضوابط کی تشریح حتمی اور واجب التعمیل ہوگی۔ تاہم کسی بھی تنازع کی صورت میں معاملہ اسٹیٹ بینک کو بھجوایا جائے گا اور اسٹیٹ بینک کا فیصلہ حتمی اور واجب التعمیل ہوگا۔

No liability of Bank; It is clarified that the Bank does not assume any liability for any delay or non-execution of any instruction except on account of established gross negligence or willful misconduct.

بینک کی کوئی ذمہ داری نہیں: یہ واضح کیا جاتا ہے کہ بینک کسی بھی ہدایات پر تاخیر یا عدم عملدرآمد کے لیے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، ماسوائے ثابت شدہ بھاری غفلت یا جان بوجھ کر بے ضابطگی کے۔

I/We hereby confirm having read/understood the Terms and Conditions for Account(s) and services relating to operating the accounts with the Bank and hereby agree to observe and be bound by the said terms & conditions and any changes thereto that may be made by the Bank from time to time.

میں/ ہم بذریعہ ہذا تصدیق کرتا ہوں/ کرتے ہیں کہ بینک کے ساتھ اکاؤنٹس آپریٹ کرنے سے متعلق اکاؤنٹس اور سروسز کے لیے شرائط وضوابط کو پڑھ/ سمجھ لیا گیا ہے اور بذریعہ ہذا مذکورہ شرائط وضوابط کا احترام کرنے اور اس کے پابند رہنے پر رضامند ہوں جن میں بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً کوئی تبدیلی ہوسکتی ہے۔

35. Disclaimer:

35 ۔ اقرار:

35.1 I/We understand and agree that the Bank shall endeavor to preserve the secrecy of my/our Account(s) or me/us as may be required by any court order or competent authority or agency under the provisions of applicable law and/or otherwise be required to protect the interest of the Bank or for verification of Bank Statement.

35.1 ۔ میں/ ہم سمجھتے ہیں اور اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ بینک میرے/ ہمارے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کی رازداری کے تحفظ کی کوشش کرے گا، ماسوائے اس کے کہ کوئی بھی عدالتی حکم یا مجاز اتھارٹی یا ایجنسی کی جانب سے قابل اطلاق قانون کی شقوں کے تحت اور/ یا دوسری صورت میں بینک کے مفاد کی حفاظت کے لیے یا بینک اسٹیٹمنٹ کی تصدیق کے لیے ایسا کرنا ضروری ہو۔

Applicant's Signature **درخواست گزار کے دستخط**

1. ____________	2. ____________	3. ____________	4. ____________
Applicant's Signature	Applicant's Signature	Applicant's Signature	Applicant's Signature
درخواست گزار کے دستخط	درخواست گزار کے دستخط	درخواست گزار کے دستخط	درخواست گزار کے دستخط